بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟۔“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

حٰمٓ 26

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN
بیت القرآن
لاہور - پاکستان

جملہ حقوق بحق بَیْتُ الْقُرْآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب .... مصباح القرآن « حٰمٓ 26 » پارہ نمبر 26
مرتب .... پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ .... محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی
حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد
اشاعت اول .... دسمبر 2014
پبلشر .... "بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ .... 90 روپے

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَیْتُ الْقُرْآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَیْتُ الْقُرْآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2. "بَیْتُ الْقُرْآن" درحقیقت "قرآن فہمی" کی وہ عظیم تحریک ہے جس کا مشن اللہ کے بندوں کو اللہ کا پیغام "قرآن مجید" نہایت عام فہم انداز میں قریہ قریہ بستی بستی پہنچانا ہے۔ آپ بھی اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے ہمارے ساتھ تعاون کیجیے۔ جزاکم اللہ خیرا کثیرا۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65 MUCB 0075 9525 6100 0334, MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمد للہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس
بَیْتُ الْقُرْآن
103 حبیبی ٹیٹ، شادمان ii، جیل روڈ، لاہور، پاکستان
فون : 0092-42-37423412 ایکسٹینشن : 115
موبائل: 0092-321-8844700 (09AM to 05PM)
ویب سائٹ : www.bait-ul-quran.org
ای میل : info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز
کتاب سرائے
فرسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور، پاکستان
فون: 0092-42-37320318 فیکس: 0092-42-37239884

دار السلام
36 لوئر مال، سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور، پاکستان
فون: 0092-42-37110081 فیکس: 0092-42-37354072

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ ”مفتاح القرآن“ میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2. سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ۚ﴿1﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ	حٰمٓ ﴿1﴾ (اس) کتاب کا اتارنا
مِنَ اللّٰهِ	اللہ کی طرف سے ہے
الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾	(جو) نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ﴿2﴾
مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	نہیں ہم نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو
وَمَا بَيْنَهُمَآ	اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے
اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ	مگر برحق اور مقرر وقت کے لیے
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ	اور (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا جس چیز سے
اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ﴿3﴾	وہ ڈرائے گئے (اس سے) منہ موڑنے والے ہیں۔ ﴿3﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ	آپ کہہ دیجئے کیا تم نے دیکھا (یعنی غور کیا)
مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَنْزِيْلُ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	اَجَلٍ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
الْكِتٰبِ	کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	مُّسَمًّى	اسم بامسمّٰی، اجل مسمّٰی۔
الْحَكِيْمِ	حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔	كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
خَلَقْنَا	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔	اُنْذِرُوْا	بشارت و انذار، نذیر۔
السَّمٰوٰتِ	ارض و سما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	مُعْرِضُوْنَ	اعراض کرنا۔
الْاَرْضَ	ارض و سما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	رَءَيْتُمْ	رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔
بَيْنَهُمَآ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	تَدْعُوْنَ	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔

اٰیَاتُھَا 35 | 46 سُوۡرَۃُ الۡاَحۡقَافِ مَکِّیَّۃٌ 66 | رُکُوۡعَاتُھَا 4

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حٰمٓ ① ج (1)	تَنۡزِیۡلُ	الۡکِتٰبِ	مِنَ اللّٰہِ	الۡعَزِیۡزِ ②
حٰمٓ	اُتارنا	(اس) کتاب کا	اللہ (کی طرف) سے	(جو) نہایت غالب

الۡحَکِیۡمِ ② (2)	مَا	خَلَقۡنَا ③	السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضَ
بہت حکمت والا (ہے)	نہیں	ہم نے پیدا کیا	آسمانوں (کو)	اور زمین (کو)

وَ	مَا	بَیۡنَھُمَاۤ ④	اِلَّا	بِالۡحَقِّ	وَ
اور	جو (کچھ)	ان دونوں کے درمیان (ہے)	مگر	حق کے ساتھ	اور

اَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ	وَ	الَّذِیۡنَ	کَفَرُوۡا
مقرر وقت (کے لیے)	اور	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا

عَمَّاۤ	اُنۡذِرُوۡا ⑤	مُعۡرِضُوۡنَ ⑥ (3)	قُلۡ
جس (چیز) سے	وہ ڈرائے گئے	سب منہ موڑنے والے (ہیں)	آپ کہہ دیجیے

اَ	رَءَیۡتُمۡ	مَّا	تَدۡعُوۡنَ	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ ⑦
کیا	تم نے دیکھا	جن کو	تم سب پکارتے ہو	اللہ کے سوا

ضروری وضاحت

① حٰمٓ حروفِ مقطعات یعنی علیحدہ علیحدہ پڑھے جانیوالے حروف میں سے ہے انکے معنی کے متعلق کوئی مستند روایت نہیں، ان سے مُراد اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔② فَعِیۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔③ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے جزم ہوتو نَا کا ترجمہ ہم نے ہوتا ہے۔④ ھُمَا کا ترجمہ ان دونوں ہوتا ہے۔⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا	مجھے دکھاؤ انہوں نے کیا چیز پیدا کی ہے
مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ	زمین میں سے؟ یا ان کا کوئی حصہ ہے
فِي السَّمٰوٰتِ ۭ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ	آسمانوں میں؟ لاؤ میرے پاس کوئی کتاب
مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ	اِس (قرآن) سے پہلے کی یا علم کی کوئی نقل شدہ بات
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿4﴾	اگر تم سچے ہو۔ ﴿4﴾
وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ	اور کون زیادہ گمراہ ہوگا اس سے جو
يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	پکارتا ہے اللہ کے سوا
مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ	(اُنہیں) جو دعا قبول نہیں کریں گے اس کی
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	قیامت کے دن تک
وَهُمْ عَنْ دُعَاۗىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿5﴾	جبکہ وہ ان کی پکار سے (ہی) بے خبر ہیں۔ ﴿5﴾
وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ	اور جب سب لوگ اکٹھے کیے جائیں گے
كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَاۗءً	(تو) وہ ان کے دشمن ہونگے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَرُوْنِيْ : رؤیت ہلال کمیٹی، رؤیت باری تعالیٰ۔	مِمَّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
خَلَقُوْا : خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔	يَّدْعُوْا، دُعَاۗىِٕهِمْ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	يَسْتَجِيْبُ : مستجاب الدعا، استجابت، جواب۔
السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔	الْقِيٰمَةِ : اقامت، مقیم، اقامت گاہ، قائم مقام۔
قَبْلِ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	غٰفِلُوْنَ : غافل، غفلت، تغافل۔
اَثٰرَةٍ : اثر، آثارِ قدیمہ۔	حُشِرَ : حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
صٰدِقِيْنَ : صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔	النَّاسُ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
اَضَلُّ : ضلالت وگمراہی۔	اَعْدَاۗءً : عدوّ، اعداء، عداوت۔

اَرُوْنِيْ ①	مَاذَا	خَلَقُوْا	مِنَ الْاَرْضِ	اَمْ	لَهُمْ ②
تم سب دکھاؤ مجھے	کیا	انہوں نے پیدا کیا ہے	زمین میں سے؟	یا	اُن کا

شِرْكٌ	فِي السَّمٰوٰتِ ؕ	اِيْتُوْنِيْ ①	بِكِتٰبٍ	مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ
کوئی حصہ (ہے)	آسمانوں میں	تم سب لاؤ میرے پاس	کسی کتاب کو	اس سے پہلے کی

اَوْ اَثٰرَةٍ	مِّنْ عِلْمٍ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ④
یا کوئی نقل شدہ بات	علم سے	اگر	ہو تم	سب سچے

وَمَنْ	اَضَلُّ ③	مِمَّنْ ④	يَّدْعُوْا ⑤	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑥
اور کون	زیادہ گمراہ (ہوگا)	(اس) سے جو	وہ پکارتا ہے	اللہ کے سوا

مَنْ	لَّا يَسْتَجِيْبُ	لَهٗٓ ②	اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
جو	نہیں وہ دعا قبول کریں گے	اُس کی	قیامت کے دن تک

وَ	هُمْ	عَنْ دُعَآئِهِمْ	غٰفِلُوْنَ ⑤	وَ
جبکہ	وہ سب	ان کی پکار سے (ہی)	سب بے خبر (ہیں)	اور

اِذَا	حُشِرَ ⑦	النَّاسُ	كَانُوْا	لَهُمْ ②	اَعْدَآءً
جب	اکٹھے کیے جائیں گے	سب لوگ	(تو) وہ سب ہونگے	اُن کے	دشمن

ضروری وضاحت

①فعل کے آخر میں یْ ہو تو یْ اور فعل کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔② لَهُمْ اور لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔③اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے④ مِمَّنْ دراصل مِنْ+مَنْ کا مجموعہ ہے۔⑤یہاں وا صل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد لکھا گیا ہے۔⑥لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑦فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً مستقبل کا ترجمہ کیا گیا ہے۔

وَّ كَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿6﴾	اور وہ ہونگے انکی عبادت سے انکار کرنے والے۔ ﴿6﴾
وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ	اور جب پڑھی جاتی ہیں ان پر ہماری واضح آیات
قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ	(تو) کہتے ہیں وہ (لوگ) جنہوں نے انکار کیا حق (قرآن) کا
لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿7﴾	جب وہ آیا ان کے پاس یہ کھلا جادو ہے۔ ﴿7﴾
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ	یا وہ کہتے ہیں اس نے اسے خود گھڑ لیا ہے
قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ	آپ کہہ دیجیے اگر میں نے اسے خود گھڑ لیا ہے
فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ	تو تم اختیار نہیں رکھتے ہو میرے لیے
مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ	کچھ بھی اللہ (کے عذاب) سے (بچانے کا)
هُوَ اَعْلَمُ بِمَا	وہ خوب جاننے والا ہے (اس) کو جو
تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ	تم باتیں بناتے ہو اس (قرآن کے بارے) میں
كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا	کافی ہے وہ (اللہ) بطور گواہ
بَيْنِيْ وَ بَيْنَكُمْ ؕ	میرے درمیان اور تمہارے درمیان

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِعِبَادَتِهِمْ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
كٰفِرِيْنَ، كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
تُتْلٰى : تلاوت قرآن، وحی متلو۔
اٰيٰتُنَا : آیت، آیات، قرآنی آیات۔
بَيِّنٰتٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
قَالَ، يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
هٰذَا : لہٰذا، ہٰذا من فضل ربی، علیٰ ہذا القیاس۔
سِحْرٌ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
مُّبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
افْتَرٰىهُ، افْتَرَيْتُهٗ : افتریٰ پردازی، مفتری۔
تَمْلِكُوْنَ : مالک، ملکیت، املاک، مُلک وملت۔
شَيْـًٔا : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
كَفٰى : کافی، ناکافی، کفایت۔
شَهِيْدًا : شاہد، شہادت، شہید۔
بَيْنِيْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

وَ	كَانُوْا ①	بِعِبَادَتِهِمْ	كٰفِرِيْنَ (6)	وَ	اِذَا
اور	وہ سب ہوں گے	انکی عبادت سے	سب انکار کرنے والے	اور	جب

تُتْلٰى ②③	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ ③	قَالَ	الَّذِيْنَ
پڑھی جاتی ہیں	ان پر	ہماری آیات	واضح	(تو) کہتے ہیں	(وہ لوگ) جن

كَفَرُوْا	لِلْحَقِّ ④	لَمَّا	جَآءَهُمْ لا	هٰذَا	سِحْرٌ
سب نے انکار کیا	حق (قرآن) کا	جب	وہ آیا ان کے پاس	یہ	جادو (ہے)

مُّبِيْنٌ (7) ط	اَمْ	يَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰىهُ ⑤ ط	قُلْ
کھلا	یا	وہ سب کہتے ہیں	اس نے خود گھڑ لیا ہے اُسے	آپ کہہ دیجیے

اِنِ	افْتَرَيْتُهٗ ⑤	فَلَا تَمْلِكُوْنَ	لِيْ	مِنَ اللّٰهِ
اگر	میں نے خود گھڑ لیا ہے اُسے	تو تم سب اختیار نہیں رکھتے ہو	میرے لیے	اللہ سے

شَيْئًا ط	هُوَ	اَعْلَمُ ⑥	بِمَا	تُفِيْضُوْنَ	فِيْهِ ط
کچھ بھی	وہ	خوب جاننے والا (ہے)	(اس) کو جو	تم سب باتیں بناتے ہو	اس میں

كَفٰى بِهٖ ⑦	شَهِيْدًا	بَيْنِيْ	وَ	بَيْنَكُمْ ط
کافی ہے وہ (اللہ)	(بطور) گواہ	میرے درمیان	اور	تمہارے درمیان

ضروری وضاحت

① كَانُوْا گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ فعل کے شروع میں تَ اور اسم کے آخر میں ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ لیے اور کبھی کا، کے، کو ہوتا ہے۔⑤ فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اُسے ہوتا ہے۔⑥ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑦ بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور ہٖ کا ترجمہ وہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿8﴾	اور وہی بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ ﴿8﴾
قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ	کہہ دیجیے نہیں ہوں میں کوئی انوکھا رسولوں میں سے
وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ	اور میں یہ نہیں جانتا (کہ) میرے ساتھ کیا کیا جائے گا
وَلَا بِكُمْ ؕ	اور نہ (یہ کہ) تمہارے ساتھ (کیا کیا جائے گا)
اِنْ اَتَّبِعُ	نہیں میں پیروی کرتا
اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ	مگر اس کی جو میری طرف وحی کی جاتی ہے
وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿9﴾	اور نہیں ہوں میں مگر ایک واضح ڈرانے والا۔ ﴿9﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ	آپ کہہ دیجیے کیا تم نے دیکھا (غور کیا کہ)
اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	اگر ہو یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے
وَكَفَرْتُمْ بِهٖ	اور تم نے انکار کر دیا اس کا
وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اور گواہی دی ایک گواہ نے بنی اسرائیل میں سے
عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ	اس جیسی (کتاب) کی پھر وہ ایمان لے آیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْغَفُوْرُ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	يُوْحٰٓى	وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	نَذِيْرٌ	بشارت و انذار، نذیر۔
بِدْعًا	بدعت، بدعتی شخص۔	مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
الرُّسُلِ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	اَرَءَيْتُمْ	رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
اَدْرِيْ	روایت و درایت۔	عِنْدِ	عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
يُفْعَلُ	فعل، فاعل، مفعول۔	شَهِدَ، شَاهِدٌ	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
اَتَّبِعُ	اتباع، تابع، متبع سنت۔	مِثْلِهٖ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
اِلَّا	الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	فَاٰمَنَ	امن، ایمان، مومن۔

وَ	هُوَ الْغَفُوْرُ ①	الرَّحِيْمُ ﴿8﴾	قُلْ	مَا ②	كُنْتُ
اور	وہی بہت بخشنے والا	نہایت مہربان (ہے)	آپ کہہ دیجیے	نہیں	ہوں میں

بِدْعًا ③	مِّنَ الرُّسُلِ	وَ	مَآ ②	اَدْرِيْ	مَا ②
کوئی انوکھا	رسولوں میں سے	اور	نہیں	میں جانتا (کہ)	کیا

يُفْعَلُ ④	بِيْ	وَلَا	بِكُمْ ط	اِنْ ⑤	اَتَّبِعُ
کیا جائے گا	میرے ساتھ	اور نہ	(یہ کہ) تمہارے ساتھ	نہیں	میں پیروی کرتا

اِلَّا	مَا ②	يُوْحٰٓى ④	اِلَيَّ	وَمَآ ②	اَنَا	اِلَّا
مگر	(اس کی) جو	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	اور نہیں (ہوں)	میں	مگر

نَذِيْرٌ ③	مُّبِيْنٌ ﴿9﴾	قُلْ ⑥	اَ	رَءَيْتُمْ	اِنْ ⑤	كَانَ
ایک ڈرانے والا	واضح	آپ کہہ دیجیے	کیا	تم نے دیکھا	اگر	ہو وہ (قرآن)

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	وَ	كَفَرْتُمْ	بِهٖ	وَ	شَهِدَ
اللہ کی طرف سے	اور	تم نے انکار کر دیا	اُس کا	اور	گواہی دی

شَاهِدٌ ③	مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	عَلٰى مِثْلِهٖ ⑦	فَاٰمَنَ
ایک گواہ (نے)	بنی اسرائیل میں سے	اس جیسی (کتاب) کی	پھر وہ ایمان لے آیا

ضروری وضاحت

①هُوَ کے بعد اَلْ والا اسم ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔② مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے لیکن جب اس کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ عَلٰى کا ترجمہ کی ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑦ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرا دیا گیا ہے۔

وَاسۡتَكۡبَرۡتُمۡ ؕ	اور تم نے تکبر کیا (تو تمہارے ظالم ہونے میں کیا شک ہے)
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ؑ ﴿10﴾	بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔ ﴿10﴾ ؑ
وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	اور کہا (ان لوگوں نے) جنہوں نے کفر کیا
لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَوۡ كَانَ خَيۡرًا	(ان لوگوں) سے جو ایمان لائے اگر یہ (دین) بہتر ہوتا
مَّا سَبَقُوۡنَاۤ اِلَيۡهِ ؕ	(تو) وہ ہم سے سبقت نہ کرتے اس کی طرف
وَاِذۡ لَمۡ يَهۡتَدُوۡا بِهٖ	اور جب اس سے انہوں نے ہدایت نہ پائی
فَسَيَقُوۡلُوۡنَ	تو عنقریب ضرور وہ کہیں گے
هٰذَاۤ اِفۡكٌ قَدِيۡمٌ ﴿11﴾	(کہ) یہ پرانا جھوٹ ہے۔ ﴿11﴾
وَمِنۡ قَبۡلِهٖ كِتٰبُ مُوۡسٰٓى	اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب
اِمَامًا وَّرَحۡمَةً ؕ	(لوگوں کے لیے) پیشوا اور رحمت تھی
وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ	اور یہ (قرآن) ایک تصدیق کرنے والی کتاب ہے
لِّسَانًا عَرَبِيًّا	(جو) عربی زبان میں ہے

ع 10 / 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔	يَهۡتَدُوۡا	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اسۡتَكۡبَرۡتُمۡ	کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	فَسَيَقُوۡلُوۡنَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
يَهۡدِى	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	هٰذَاۤ	لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔
الظّٰلِمِيۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	قَدِيۡمٌ	آثارِ قدیمہ، جدید و قدیم۔
كَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔	قَبۡلِهٖ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
اٰمَنُوۡا	امن، ایمان، مومن۔	مُّصَدِّقٌ	تصدیق، مصدقہ اطلاعات۔
خَيۡرًا	خیر، خیریت، خیر خواہی، صدقہ و خیرات۔	لِّسَانًا	لسان، لسانی تعصب، لسانیات، فصیح اللسان۔
سَبَقُوۡنَاۤ	سبقت، سابقہ قومیں، حسبِ سابق۔	عَرَبِيًّا	عرب و عجم، عربی زبان، بحیرہ عرب۔

ع 10 1/1

وَ	اسۡتَكۡبَرۡتُمۡ ① ط	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهۡدِى	الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ② ع (10)
اور	تم سب نے تکبر کیا	بے شک اللہ	نہیں وہ ہدایت دیتا	ظلم کرنے والے لوگوں کو

وَ	قَالَ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	لِلَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا
اور	کہا	(ان لوگوں نے) جن	سب نے کفر کیا	(اُن لوگوں) سے جو	سب ایمان لائے

لَوۡ	كَانَ	خَيۡرًا	مَّا	سَبَقُوۡنَآ ③	اِلَيۡهِ ط
اگر	(یہ دین) ہوتا	بہتر	(تو) نہ	وہ سب سبقت کرتے ہم سے	اس کی طرف

وَ	اِذۡ	لَمۡ يَهۡتَدُوۡا ④	بِهٖ	فَسَيَقُوۡلُوۡنَ ⑤
اور	جب	ان سب نے ہدایت نہ پائی	اس سے	تو عنقریب ضرور وہ سب کہیں گے

هٰذَآ	اِفۡكٌ ⑥	قَدِيۡمٌ (11)	وَ	مِنۡ قَبۡلِهٖ
(کہ) یہ	ایک جھوٹ (ہے)	پرانا	اور	اس سے پہلے

كِتٰبُ	مُوۡسٰٓى	اِمَامًا	وَّ	رَحۡمَةً ط
کتاب	موسیٰ (کی)	پیشوا	اور	رحمت (تھی)

وَ	هٰذَا	كِتٰبٌ ⑥	مُّصَدِّقٌ ⑦	لِّسَانًا عَرَبِيًّا
اور	یہ (قرآن)	ایک کتاب (ہے)	تصدیق کرنے والی	(جو) عربی زبان (میں ہے)

ضروری وضاحت

① اسۡتَكۡبَرۡتُمۡ سے مراد تم نے تکبر کرنا چاہا ہے، فعل کے شروع میں اِسۡتَ میں طلب کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② الۡقَوۡمَ لفظاً واحد اور معنیً جمع ہے اسی لیے اس کے ساتھ جمع کا اسم آیا ہے۔ ③علامت وۡا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا ''ا'' گر جاتا ہے۔
④ لَمۡ کے بعد علامت یہ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔ ⑤فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

لِّيُنۡذِرَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا ۖ	تا کہ وہ ڈرائے (ان لوگوں کو) جنہوں نے ظلم کیا
وَ بُشۡرٰى لِلۡمُحۡسِنِيۡنَ ۚ ﴿12﴾	اور خوشخبری ہے نیکی کرنے والوں کے لیے۔ ﴿12﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ قَالُوۡا رَبُّنَا اللّٰهُ	بیشک (وہ لوگ) جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے
ثُمَّ اسۡتَقَامُوۡا فَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ	پھر (اس پر) وہ جمے رہے تو ان پر نہ کوئی خوف ہوگا
وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ۚ ﴿13﴾	اور نہ وہ غمگین ہونگے۔ ﴿13﴾
اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ	وہی (لوگ) جنت والے ہیں
خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ۚ	(اور) ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں
جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿14﴾	بدلہ ہے (اس) کا جو وہ عمل کرتے تھے۔ ﴿14﴾
وَ وَصَّيۡنَا الۡاِنۡسَانَ	اور ہم نے تاکید کی ہے انسان کو
بِوَالِدَيۡهِ اِحۡسٰنًا ؕ	اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرنے کی
حَمَلَتۡهُ اُمُّهٗ كُرۡهًا	اُسے اُٹھائے رکھا اُسکی ماں نے تکلیف کی حالت میں
وَّ وَضَعَتۡهُ كُرۡهًا ؕ	اور اس نے جنا اُسے تکلیف کی حالت میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّيُنۡذِرَ	بشارت وانذار، نذیر۔	خٰلِدِيۡنَ	خالد، خلد بریں۔
ظَلَمُوۡا	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	جَزَآءً	جزاوسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔
بُشۡرٰى	بشارت، مبشر، بشیر۔	يَعۡمَلُوۡنَ	عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
لِلۡمُحۡسِنِيۡنَ	لٰہذا، الحمدللہ/محسن، احسان، تحسین۔	وَصَّيۡنَا	وصیت نامہ، آخری وصیت۔
اسۡتَقَامُوۡا	استقامت، مستقیم۔	بِوَالِدَيۡهِ	والدگرامی، والدین۔
خَوۡفٌ	خوف، خائف، خوف وہراس۔	حَمَلَتۡهُ	حمل، حامل، محمول، حاملہ عورت۔
يَحۡزَنُوۡنَ	حزن وملال، عام الحزن۔	وَضَعَتۡهُ	وضع حمل، نقل وحمل۔
اَصۡحٰبُ	اصحابِ صفہ، اصحاب بدر، اصحاب کہف۔	كُرۡهًا	کراہت، مکروہ، مکروہات۔

لِّيُنۡذِرَ ①	الَّذِيۡنَ	ظَلَمُوۡا ۖ ق	وَ	بُشۡرٰى ②
تاکہ وہ ڈرائے	(ان لوگوں کو) جن	سب نے ظلم کیا	اور	خوشخبری (ہے)

لِلۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿12﴾ ج	اِنَّ	الَّذِيۡنَ	قَالُوۡا	رَبُّنَا اللّٰهُ
نیکی کرنے والوں کے لیے	بیشک	(وہ لوگ) جن	سب نے کہا	ہمارا رب اللہ (ہے)

ثُمَّ	اسۡتَقَامُوۡا	فَلَا خَوۡفٌ	عَلَيۡهِمۡ	وَلَا
پھر	(اس پر) وہ سب جمے رہے	تو نہ کوئی خوف ہوگا	اُن پر	اور نہ

هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ③ ﴿13﴾ ج	اُولٰٓئِكَ	اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ ②	خٰلِدِيۡنَ
وہ سب غمگین ہونگے	وہی (لوگ)	جنت والے (ہیں)	سب ہمیشہ رہنے والے (ہیں)

فِيۡهَا ج	جَزَآءًۢ	بِمَا	كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ④ ﴿14﴾	وَ	وَصَّيۡنَا ⑤
اس میں	بدلہ (ہے)	(اس) کا جو	وہ سب عمل کرتے تھے	اور	ہم نے تاکید کی ہے

الۡاِنۡسَانَ ⑥	بِوَالِدَيۡهِ ⑦	اِحۡسٰنًا ؕ	حَمَلَتۡهُ ②⑦
انسان (کو)	اپنے والدین کے ساتھ	نیکی کرنے کی	اُسے اُٹھائے رکھا

اُمُّهٗ ⑦	كُرۡهًا	وَّ	وَضَعَتۡهُ ②⑦	كُرۡهًا ؕ
اُسکی ماں نے	تکلیف کی حالت میں	اور	اس نے جنا اُسے	تکلیف کی حالت میں

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔② اسم کے آخر میں ـٰی، ۃ اور فعل کے آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ هُمۡ اور یَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔④ یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔⑤ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑦ ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔

وَحَمۡلُهٗ وَ فِصٰلُهٗ	اور اس کے حمل اور اس کے دودھ چھڑانے کا دورانیہ
ثَلٰثُوۡنَ شَهۡرًا ؕ حَتّٰۤی اِذَا بَلَغَ	تیس مہینے ہے یہاں تک کہ جب وہ پہنچا
اَشُدَّهٗ وَ بَلَغَ اَرۡبَعِیۡنَ سَنَةً ۙ	اپنی پختگی (جوانی) کو اور پہنچ گیا چالیس برس کو
قَالَ رَبِّ اَوۡزِعۡنِیۡۤ	(تو) اس نے کہا اے میرے رب مجھے توفیق دے
اَنۡ اَشۡکُرَ نِعۡمَتَكَ	کہ میں شکر کروں تیری (اس) نعمت کا
الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ	جو تو نے انعام کی مجھ پر اور میرے والدین پر
وَاَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰهُ	اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جسے تو پسند کرتا ہے
وَاَصۡلِحۡ لِیۡ فِیۡ ذُرِّیَّتِیۡ ؕۚ	اور تو اصلاح کر میرے لیے میری اولاد میں
اِنِّیۡ تُبۡتُ اِلَیۡكَ	بے شک میں نے توبہ کی تیری طرف
وَ اِنِّیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ﴿15﴾	اور بے شک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ ﴿15﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِیۡنَ نَتَقَبَّلُ عَنۡهُمۡ	یہی (وہ لوگ ہیں) جو (کہ) ہم قبول کرتے ہیں ان سے
اَحۡسَنَ مَا عَمِلُوۡا	بہترین (اعمال) جو انھوں نے عمل کیے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حَمۡلُهٗ	حمل، حامل، حاملہ عورت۔	اَنۡعَمۡتَ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
فِصٰلُهٗ	فاصلے، وصل و فصل، فاصلہ، حد فاصل۔	وَالِدَیَّ	والد گرامی، والدین۔
حَتّٰۤی	حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	تَرۡضٰهُ	راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔
بَلَغَ	بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ۔	ذُرِّیَّتِیۡ	ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
اَشُدَّهٗ	شدید، اشد، متشدد، تشدد۔	تُبۡتُ	توبہ، تائب۔
سَنَةً	سن پیدائش، سن وفات، کم سن۔	نَتَقَبَّلُ	قبول، قبولیت، مقبول۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَحۡسَنَ	احسن جزا، حسن، احسان، محسن۔
اَشۡکُرَ	شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔	عَمِلُوۡا	عمل، اعمال صالحہ، معمول۔

وَ	حَمْلُهٗ ①	وَ فِصٰلُهٗ ①	ثَلٰثُوْنَ ②	شَهْرًا ؕ	حَتّٰۤى
اور	اس کا حمل	اور اس کا دودھ چھڑانے کا دورانیہ	تیس	مہینے (ہے)	یہاں تک کہ

اِذَا بَلَغَ	اَشُدَّهٗ ①	وَ بَلَغَ	اَرْبَعِيْنَ ②	سَنَةً ۙ	قَالَ
جب وہ پہنچا	اپنی پختگی (جوانی کو)	اور پہنچ گیا	چالیس	سال (کو)	(تو) اس نے کہا

رَبِّ ③	اَوْزِعْنِيْۤ ④	اَنْ	اَشْكُرَ	نِعْمَتَكَ	الَّتِيْۤ
(اے میرے) رب	تو توفیق دے مجھے	کہ	میں شکر کروں	تیری نعمت (کا)	جو

اَنْعَمْتَ	عَلَيَّ ⑤	وَ	عَلٰى وَالِدَيَّ ⑤	وَ	اَنْ	اَعْمَلَ
تو نے انعام کی	مجھ پر	اور	میرے والدین پر	اور	یہ کہ	میں عمل کروں

صَالِحًا	تَرْضٰىهُ ①	وَ اَصْلِحْ	لِيْ	فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ
نیک	تو پسند کرتا ہے اُسے	اور تو اصلاح کر	میرے لیے	میری اولاد میں

اِنِّيْ تُبْتُ ⑥	اِلَيْكَ	وَ اِنِّيْ	مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (15)	اُولٰٓئِكَ ⑦
بیشک میں نے توبہ کی	تیری طرف	اور بیشک میں	مسلمانوں میں سے (ہوں)	یہی

الَّذِيْنَ	نَتَقَبَّلُ	عَنْهُمْ	اَحْسَنَ	مَا	عَمِلُوْا
(لوگ ہیں) جو	(کہ) ہم قبول کرتے ہیں	اُن سے	سب سے بہتر (اعمال)	جو	اُن سب نے عمل کیے

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اس کا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ترجمہ اسے ہوتا ہے۔ ② وْنَ اور یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
③رَبِّ دراصل یَا رَبِّیْ تھا، شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کیلئے گری ہے اسی کا ترجمہ اے میرے ہے۔ ④فعل کے آخر میں یْ
لگائی ہو تو یْ اور فعل کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔ ⑤عَلَیَّ دراصل عَلٰی + یْ کا اور وَالِدَیَّ دراصل وَالِدَیْنِ + یْ کا مجموعہ ہے۔
⑥ یْ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ⑦ اُولٰٓئِكَ جمع مذکر و مؤنث کی علامت ہے ترجمہ ضرورتاً یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔

وَ نَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ	اور ہم درگزر کرتے ہیں ان کی برائیوں سے
فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ	(یہ) جنت والوں میں ہیں سچے وعدے کے مطابق
الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿16﴾	جو وہ وعدہ دیے جاتے تھے۔ ﴿16﴾
وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ	اور وہ جس نے اپنے والدین سے کہا
اُفٍّ لَّكُمَآ	افسوس ہے تم دونوں پر (یعنی میں تم دونوں سے تنگ آگیا ہوں)
اَتَعِدٰنِنِيْٓ	کیا تم دونوں مجھے وعدہ (یعنی دھمکی) دیتے ہو
اَنْ اُخْرَجَ	کہ میں نکالا جاؤں گا (قبر سے)
وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ	حالانکہ یقیناً گزر چکی ہیں بہت سی قومیں مجھ سے پہلے
وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ	جبکہ وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے (ہوئے کہتے) ہیں
وَيْلَكَ اٰمِنْ ڰ	تجھے ہلاکت ہو ایمان لے آ
اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ښ	بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے
فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ	پھر وہ کہتا ہے نہیں ہیں یہ مگر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: مال و دولت، شان و شوکت، عفو و درگزر۔	اُخْرَجَ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
سَيِّاٰتِهِمْ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	الْقُرُوْنُ	: قرون اُولی۔
اَصْحٰبِ	: اصحابِ صفہ، اصحاب بدر، اصحاب کہف۔	يَسْتَغِيْثٰنِ	: استغاثہ، غوث اعظم۔
وَعْدَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔	اٰمِنْ	: امن، ایمان، مومن۔
الصِّدْقِ	: صداقت، صدق دل، صادق و امین۔	حَقٌّ	: حقیقت، حق گوئی۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	هٰذَآ	: لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔
لِوَالِدَيْهِ	: لہٰذا، الحمد للہ/ والدین، والدہ، والد۔	اِلَّآ	: الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
اُفٍّ	: اُف۔		

وَ	نَتَجَاوَزُ	عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ ①	فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ط
اور	ہم درگزر کرتے ہیں	ان کی برائیوں سے	(یہ) جنت والوں میں (ہیں)

وَعْدَ الصِّدْقِ	الَّذِيْ	كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ② (16)	وَ
سچے وعدے (کے مطابق)	جو	وہ سب وعدہ دیے جاتے تھے	اور

الَّذِيْ	قَالَ	لِوَالِدَيْهِ	اُفٍّ	لَّكُمَآ ③
(وہ) جس نے	کہا	اپنے والدین سے	افسوس (ہے)	تم دونوں پر

اَ	تَعِدٰنِنِيْٓ	اَنْ	اُخْرَجَ ④	وَ
کیا	تم دونوں مجھے وعدہ (یعنی دھمکی) دیتے ہو	کہ	میں نکالا جاؤں گا (قبر سے)	حالانکہ

قَدْ	خَلَتِ ⑤	الْقُرُوْنُ	مِنْ قَبْلِيْ ج	وَ	هُمَا ③
یقیناً	گزر چکی ہیں	بہت سی قومیں	مجھ سے پہلے	جبکہ	وہ دونوں

يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ ⑥⑦	وَيْلَكَ	اٰمِنْ صلے	اِنَّ
وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے (ہوئے کہتے ہیں)	تجھے ہلاکت ہو	تو ایمان لے آ	بے شک

وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ صلے	فَيَقُوْلُ	مَا	هٰذَآ	اِلَّآ
اللہ کا وعدہ	سچا (ہے)	پھر وہ کہتا ہے	نہیں (ہیں)	یہ	مگر

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔② یہاں وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔③ كُمَا اور هُمَا دونوں میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ علامت اُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں اور اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے۔⑥ اٰنِ میں تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿17﴾	پہلے لوگوں کے افسانے۔ ﴿17﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ	یہی (وہ لوگ ہیں) جن پر ثابت ہوگئی
الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ	(عذاب کی) بات اُن اُمتوں کے ساتھ
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ	یقیناً (جو) اُن سے پہلے گزر چکیں
مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ	جنوں اور انسانوں میں سے
اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿18﴾	بلاشبہ وہ خسارا پانے والے تھے۔ ﴿18﴾
وَ لِكُلٍّ دَرَجٰتٌ	اور ہر ایک کے لیے (الگ الگ) درجے ہیں
مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ	اس کے مطابق جو انہوں نے عمل کیے
وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ	اور تاکہ (اللہ) پورا پورا بدلہ دے انہیں انکے اعمال کا
وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿19﴾	اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ ﴿19﴾
وَ يَوْمَ يُعْرَضُ	اور جس دن پیش کیے جائیں گے
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ	(وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا آگ پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاَوَّلِيْنَ	: اوّل و آخر، اوّل انعام یافتہ۔	مِّمَّا	: منجانب، من وعن/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔
اُمَمٍ	: امت، امم سابقہ، امت محمدیہ۔	عَمِلُوْا	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
قَبْلِهِمْ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	لِيُوَفِّيَهُمْ	: وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
الْجِنِّ	: جن، جنات، جن وانس۔	يُظْلَمُوْنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
الْاِنْسِ	: جِنّ و اِنس، انسان، انسانیت۔	يُعْرَضُ	: عرضی نویس، معروضات۔
خٰسِرِيْنَ	: خسارہ، خائب و خاسر۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
لِكُلٍّ	: لہٰذا، الحمدللہ/ کل نمبر، کل تعداد۔	النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (17)	اُولٰٓئِكَ ①	الَّذِيْنَ	حَقَّ
پہلے لوگوں کے افسانے	یہی	(وہ لوگ ہیں) جو	(کہ) ثابت ہوگئی

عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	فِيْٓ اُمَمٍ ②	قَدْ	خَلَتْ ③
اُن پر	(عذاب کی) بات	اُن اُمتوں کے ساتھ	(جو) یقیناً	گزر چکیں

مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّنَ الْجِنِّ ④	وَ	الْاِنْسِ ④ ط	اِنَّهُمْ
اُن سے پہلے	جنوں سے	اور	انسانوں (میں سے)	بلاشبہ وہ

كَانُوْا	خٰسِرِيْنَ (18)	وَ	لِكُلٍّ ⑤	دَرَجٰتٌ ③
وہ سب تھے	سب خسارا پانے والے	اور	ہر ایک کے لیے	درجے (ہیں)

مِّمَّا ⑥	عَمِلُوْا ج	وَ	لِيُوَفِّيَهُمْ
(اس) کے (مطابق) جو	اُن سب نے عمل کیے	اور	تاکہ وہ (اللہ) پورا پورا بدلہ دے اُنہیں

اَعْمَالَهُمْ	وَ	هُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ ⑦ (19)	وَ	يَوْمَ
انکے اعمال (کا)	اور	وہ سب	وہ سب ظلم نہیں کیے جائیں گے	اور	(جس) دن

يُعْرَضُ ⑦	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	عَلَى النَّارِ ط
پیش کیے جائیں گے	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	آگ پر

ضروری وضاحت

① اُولٰٓئِكَ کا عموماً ترجمہ وہ لوگ اور کبھی ضرورتاً یہ لوگ بھی کیا جاتا ہے۔② یہاں فِيْ کا ترجمہ کے ساتھ ضرورتاً کیا گیا ہے۔③ تْ
فعل کے آخر میں اور ات اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں۔④ الْجِنِّ اور الْاِنْسِ دونوں بظاہر واحد ہیں مگر ان سے مراد پوری
جنس ہے اسی لیے ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ مِنْ کا ترجمہ ضرورتاً کے کیا گیا
ہے۔⑦ علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے، اور ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ	(کہا جائے گا) تم لے چکے اپنی لذتیں
فِیْ حَیَاتِکُمُ الدُّنْیَا	اپنی دنیا کی زندگی میں
وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ	اور تم فائدہ اُٹھا چکے اُن سے
فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ	سو آج تم بدلہ دیے جاؤ گے ذلت کے عذاب کا
بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ	(اس) وجہ سے جو تم تکبر کرتے تھے
فِی الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ	زمین میں حق کے بغیر (ناحق)
وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿20﴾ ع	اور (اس) وجہ سے جو تم نافرمانی کرتے تھے۔ ﴿20﴾ ع
وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ	اور یاد کیجیے عاد کے بھائی (ہود) کو
اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ	جب اُس نے ڈرایا اپنی قوم کو (سرزمین) احقاف میں
وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ	جبکہ یقیناً گزر چکے کئی ڈرانے والے
مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ	اس (ہود) سے پہلے اور اس کے بعد
اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ	(اس بات سے) کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

ع 10 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

طَيِّبٰتِكُمْ	طیب و طاہر، مدینہ طیبہ، کلمہ طیبہ۔	تَفْسُقُوْنَ	فسق و فجور، فاسق و فاجر۔
فِیْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	اذْكُرْ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
حَيَاتِكُمْ	موت و حیات، حیاتی مماتی۔	اَخَا	اخوّت، مؤاخات، اخوان۔
اسْتَمْتَعْتُمْ	متاعِ کارواں، مال و متاع۔	اَنْذَرَ، النُّذُرُ	بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔
تُجْزَوْنَ	جزاوسزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔	بَيْنِ	بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
الْهُوْنِ	توہین، اہانت، توہین آمیز رویہ۔	يَدَيْهِ	یدِ بیضا، یدطولیٰ، رفع الیدین۔
بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	خَلْفِهٖٓ	خلیفہ، خلافت، خلف الرشید، ناخلف۔
تَسْتَكْبِرُوْنَ	کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔	تَعْبُدُوْٓا	عبد، عابد، معبود، عبادت۔

اَذۡهَبۡتُمۡ	طَيِّبٰتِكُمۡ ①	فِيۡ حَيَاتِكُمُ الدُّنۡيَا ①	وَ
(کہا جائے گا) تم لے جا چکے	اپنی اچھی چیزیں (لذتیں)	اپنی دُنیا کی زندگی میں	اور

اسۡتَمۡتَعۡتُمۡ	بِهَا ج ②	فَالۡيَوۡمَ	تُجۡزَوۡنَ ③
تم فائدہ حاصل کر چکے	اُن سے	سو آج	تم سب بدلہ دیے جاؤ گے

عَذَابَ الۡهُوۡنِ	بِمَا ②	كُنۡتُمۡ	تَسۡتَكۡبِرُوۡنَ	فِي الۡاَرۡضِ
ذلت کے عذاب کا	(اس) وجہ سے جو	تم تھے	تم سب تکبر کرتے	زمین میں

ع 2 10 2

بِغَيۡرِ الۡحَقِّ	وَ	بِمَا ②	كُنۡتُمۡ	تَفۡسُقُوۡنَ ع (20)
حق کے بغیر (ناحق)	اور	(اس) وجہ سے جو	تم تھے	تم سب نافرمانی کرتے

وَ	اذۡكُرۡ	اَخَا عَادٍ ط	اِذۡ	اَنۡذَرَ	قَوۡمَهٗ
اور	آپ یاد کیجیے	عاد کے بھائی (ہود) کو	جب	اُس نے ڈرایا	اپنی قوم کو

بِالۡاَحۡقَافِ ④⑤	وَقَدۡ	خَلَتِ ⑥	النُّذُرُ	مِنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ ⑦
احقاف میں	جبکہ یقیناً	گزر چکے	کئی ڈرانے والے	اسکے ہاتھوں کے درمیان (اس سے آگے یا پہلے)

وَمِنۡ خَلۡفِهٖۤ ⑦	اَلَّا	تَعۡبُدُوۡۤا	اِلَّا اللّٰهَ ط
اور اس کے بعد	(اس بات سے) کہ نہ	تم سب عبادت کرو	اللہ کے سوا

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں کُمۡ کا ترجمہ اپنا یا تمہارا ہوتا ہے۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی اس وجہ سے کیا جاتا ہے۔ ③ یہ دراصل تُجۡزَیُوۡنَ تھا، علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔ ④ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑤ احقاف سے مراد بڑے ٹیلے یا پہاڑ اور غار ہیں، یہ سیدنا ہود علیہ السلام کی قوم کے علاقے کا نام ہے۔ ⑥ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔ ⑦ یہاں مِنۡ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔

اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ	بے شک میں ڈرتا ہوں تم پر
عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿21﴾	بڑے دن کے عذاب سے۔ ﴿21﴾
قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا	انہوں نے کہا کیا تو آیا ہے ہمارے پاس
لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ	اس لیے کہ تو ہٹا دے ہمیں ہمارے معبودوں سے
فَاْتِنَا	پس تو لے آ ہمارے پاس (وہ عذاب)
بِمَا تَعِدُنَاۤ	جس کا تو وعدہ (یعنی دھمکی) دیتا ہے ہمیں
اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿22﴾	اگر تو ہے سچوں میں سے۔ ﴿22﴾
قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖؗ	اس (ہود) نے کہا (یہ) علم تو بلاشبہ صرف اللہ کے پاس ہے
وَ اُبَلِّغُكُمْ	اور میں پہنچاتا ہوں تمہیں
مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ	(وہ پیغام) جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں
وَلٰكِنِّیْۤ اَرٰىكُمْ	اور لیکن میں دیکھتا ہوں تمہیں
قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿23﴾	ایسے لوگ (کہ) تم نادانی کر رہے ہو۔ ﴿23﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَخَافُ : خوف، خائف، خوف وہراس۔
عَلَیْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
یَوْمٍ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
عَظِیْمٍ : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
قَالُوْۤا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اٰلِهَتِنَا : الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
تَعِدُنَاۤ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
الصّٰدِقِیْنَ : صداقت، صدق دل، صادق وامین۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
اُبَلِّغُكُمْ : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔
اُرْسِلْتُ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
لٰكِنِّیْۤ : لیکن۔
اَرٰىكُمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
قَوْمًا : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
تَجْهَلُوْنَ : جاہل، جہالت، مجہول۔

اِنِّيٓ اَخَافُ ①	عَلَيۡكُمۡ	عَذَابَ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ (21)
بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر	ایک بڑے دن کے عذاب (سے)

قَالُوۡٓا	اَ ②	جِئۡتَنَا ③	لِتَاۡفِكَنَا ③
ان سب نے کہا	کیا	تو آیا ہے ہمارے پاس	تاکہ تو ہٹا دے ہمیں

عَنۡ اٰلِهَتِنَا ج	فَاۡتِنَا ③	بِمَا ④	تَعِدُنَاۤ ③
ہمارے معبودوں سے	پس تو لے آ ہمارے پاس	(اُس عذاب) کو جس کا	تو وعدہ دیتا ہے ہمیں

اِنۡ	كُنۡتَ	مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ (22)	قَالَ
اگر	تو ہے	سچوں میں سے	اس (ہود) نے کہا

اِنَّمَا ⑤	الۡعِلۡمُ	عِنۡدَ اللّٰهِ ۖ	وَ	اُبَلِّغُكُمۡ ⑥
بلاشبہ صرف	علم	اللہ کے پاس (ہے)	اور	میں پہنچاتا ہوں تمہیں

مَّاۤ	اُرۡسِلۡتُ ⑦	بِهٖ	وَلٰكِنِّيۡۤ
(وہ پیغام) جو	میں بھیجا گیا ہوں	اس کے ساتھ	اور لیکن میں

اَرٰىكُمۡ ⑥	قَوۡمًا	تَجۡهَلُوۡنَ (23)
میں دیکھتا ہوں تمہیں	(ایسے) لوگ (کہ)	تم سب نادانی کر رہے ہو

ضروری وضاحت

① یۡ اور أ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔② أ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔③ فعل کے آخر میں نَا کا ترجمہ ہمیں ہے اور یہاں ضرورتاً ترجمہ ہمارے پاس کیا گیا ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔⑤ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ كُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَلَمَّا رَاَوۡهُ	پھر جب انہوں نے دیکھا اس (عذاب) کو
عَارِضًا مُّسۡتَقۡبِلَ اَوۡدِيَتِهِمۡ ۙ	بادل کی شکل میں اپنی وادیوں کی طرف آتے ہوئے
قَالُوۡا هٰذَا عَارِضٌ	(تو) انہوں نے کہا یہ بادل ہے
مُّمۡطِرُنَا ؕ	ہم پر بارش برسانے والا
بَلۡ هُوَ مَا اسۡتَعۡجَلۡتُمۡ بِهٖ ؕ	(نہیں) بلکہ (یہ) وہ ہے جسکو تم جلدی طلب کر رہے تھے
رِيۡحٌ فِيۡهَا عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۙ﴿24﴾	(یعنی) آندھی جس میں دردناک عذاب ہے۔﴿24﴾
تُدَمِّرُ كُلَّ شَىۡءٍۢ بِاَمۡرِ رَبِّهَا	وہ تباہ و برباد کر دے گی ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے
فَاَصۡبَحُوۡا لَا يُرٰٓى	پھر وہ (ایسے) ہو گئے (کہ) کچھ دکھائی نہ دیتا تھا
اِلَّا مَسٰكِنُهُمۡ ؕ كَذٰلِكَ نَجۡزِى	انکے گھروں کے سوا، اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں
الۡقَوۡمَ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿25﴾ وَلَقَدۡ	مجرم لوگوں کو۔﴿25﴾ اور بلاشبہ یقیناً
مَكَّنّٰهُمۡ فِيۡمَاۤ	ہم نے قدرت دی انہیں (اُس چیز) میں کہ
اِنۡ مَّكَّنّٰكُمۡ فِيۡهِ	نہیں ہم نے قدرت دی تمہیں اس میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَاَوۡهُ	رویت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔	شَىۡءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
مُّسۡتَقۡبِلَ	مستقبل، استقبال، استقبالیہ۔	بِاَمۡرِ	بالمقابل، بسبب/امر، آمر، مامور۔
اَوۡدِيَتِهِمۡ	وادی، وادیٔ کشمیر۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
هٰذَا	لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔	مَسٰكِنُهُمۡ	ساکن، سکونت، مسکن، سکنہ۔
بَلۡ	بلکہ۔	كَذٰلِكَ	کالعدم، کماحقہ، عوام کالانعام۔
اسۡتَعۡجَلۡتُمۡ	عجلت، مہرِ معجّل۔	نَجۡزِى	جزا و سزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔
رِيۡحٌ	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔	الۡمُجۡرِمِيۡنَ	جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔
اَلِيۡمٌ	عذابِ الیم، الم ناک، رنج و الم۔	فِيۡهِ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

فَلَمَّا	رَاَوۡهُ ①	عَارِضًا	مُّسۡتَقۡبِلَ اَوۡدِيَتِهِمۡ ۙ
پھر جب	اُن سب نے دیکھا اس (عذاب) کو	ایک بادل (کی شکل میں)	اپنی وادیوں کیطرف آتے ہوئے

قَالُوۡا	هٰذَا عَارِضٌ	مُّمۡطِرُنَا ② ؕ	بَلۡ	هُوَ	مَا
(تو) انہوں نے کہا	یہ بادل ہے	ہم پر بارش برسانے والا	(نہیں) بلکہ	(یہ) وہ (ہے)	جو

اسۡتَعۡجَلۡتُمۡ ③	بِهٖ ؕ	رِيۡحٌ	فِيۡهَا
تم سب جلدی طلب کر رہے تھے	اُس کو	آندھی	اس میں

عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۙ﴿24﴾	تُدَمِّرُ ④	كُلَّ شَىۡءٍۢ	بِاَمۡرِ رَبِّهَا
دردناک عذاب (ہے)	وہ تباہ و برباد کر دے گی	ہر چیز (کو)	اپنے رب کے حکم سے

فَاَصۡبَحُوۡا	لَا يُرٰٓى ⑤	اِلَّا مَسٰكِنُهُمۡ ؕ
پھر وہ سب (ایسے) ہو گئے	(کہ کچھ) دکھائی نہ دیتا (تھا)	ان کے گھروں کے سوا

كَذٰلِكَ	نَجۡزِى	الۡقَوۡمَ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ⑥ ﴿25﴾	وَ	لَقَدۡ
اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	مجرم لوگوں (کو)	اور	بلاشبہ یقیناً

مَكَّنّٰهُمۡ	فِيۡمَاۤ	اِنۡ ⑦	مَّكَّنّٰكُمۡ	فِيۡهِ
ہم نے قدرت دی انہیں	(اُس چیز) میں کہ	نہیں	ہم نے قدرت دی تمہیں	اس میں

ضروری وضاحت

① علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کا مفہوم ہوتا ہے۔④ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑥ قَوْم لفظاً واحد اور معنًی جمع ہے اسی لیے اس کے ساتھ جمع کا اسم آیا ہے۔⑦ اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے کبھی نہیں بھی کر دیا جاتا ہے۔

وَ جَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا	اور ہم نے بنائے ان کے لیے کان اور آنکھیں
وَّاَفْئِدَةً ۖ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ	اور دل، پھر نہ فائدہ دیا ان کو ان کے کانوں نے
وَلَاۤ اَبْصَارُهُمْ وَلَاۤ اَفْئِدَتُهُمْ	اور نہ ان کی آنکھوں نے اور نہ ان کے دلوں نے
مِّنْ شَیْءٍ اِذْ كَانُوْا یَجْحَدُوْنَ ۙ	کچھ بھی، جبکہ وہ انکار کرتے تھے
بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ	اللہ کی آیات کا اور گھیر لیا اُن کو
مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿26﴾ ع 3/6/3	(اس نے) جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔ ﴿26﴾
وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے ہلاک کیا
مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى	اُن بستیوں کو جو تمہارے ارد گرد ہیں
وَصَرَّفْنَا الْاٰیٰتِ	اور ہم نے پھیر پھیر کر بیان کیا آیات کو
لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿27﴾	تاکہ وہ (ہماری طرف) رجوع کریں۔ ﴿27﴾
فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِیْنَ	پھر کیوں نہ مدد کی ان کی (ان لوگوں نے) جنہیں
اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اللہ کے سوا انہوں نے بنا رکھا تھا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	عفو ودرگزر، شان وشوکت، شام وسحر۔	یَسْتَهْزِءُوْنَ	استہزا کرنا۔
سَمْعًا	سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع، سامع۔	اَهْلَكْنَا	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
اَبْصَارًا	سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔	حَوْلَكُمْ	ماحول، حوالئ شہر، محکمہ ماحولیات۔
اَغْنٰى	غنی، مستغنی، اغنیاء۔	الْقُرٰى	قریہ قریہ بستی بستی، اُم القریٰ۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	صَرَّفْنَا	تصریف، صرفِ نظر۔
شَیْءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔	یَرْجِعُوْنَ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
بِاٰیٰتِ	آیت، آیات قرآنی۔	نَصَرَهُمْ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
مَّا	ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	اتَّخَذُوْا	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔

وَ جَعَلۡنَا ①	لَهُمۡ ②	سَمۡعًا	وَّ اَبۡصَارًا	وَّ اَفۡـِٕدَةً ۖ ③	فَمَاۤ ④
اور ہم نے بنائے	اُن کے لیے	کان	اور آنکھیں	اور دل	پھر نہ

اَغۡنٰی	عَنۡهُمۡ	سَمۡعُهُمۡ ⑤	وَلَاۤ	اَبۡصَارُهُمۡ ⑤	وَلَاۤ
فائدہ دیا	ان کو	ان کے کانوں نے	اور نہ	ان کی آنکھوں نے	اور نہ

اَفۡـِٕدَتُهُمۡ ⑤	مِّنۡ شَیۡءٍ ⑥	اِذۡ	كَانُوۡا	يَجۡحَدُوۡنَ ۙ
ان کے دلوں نے	کچھ بھی	جبکہ	وہ سب تھے	وہ سب انکار کرتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ⑦	وَحَاقَ	بِهِمۡ ⑦	مَّا	كَانُوۡا	بِهٖ	يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ (26) ع
اللہ کی آیات کا	اور گھیر لیا	ان کو	جس کا	وہ سب تھے	اُس کا	وہ سب مذاق اُڑاتے

ع 3 6 3

وَ	لَقَدۡ	اَهۡلَكۡنَا ①	مَا	حَوۡلَكُمۡ	مِّنَ الۡقُرٰی
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے ہلاک کیا	جو	تمہارے اردگرد (ہیں)	(اُن) بستیوں سے

وَصَرَّفۡنَا ①	الۡاٰيٰتِ	لَعَلَّهُمۡ	يَرۡجِعُوۡنَ (27)	فَلَوۡلَا ④ ⑧
اور ہم نے پھیر پھیر کر بیان کیا	آیات (کو)	تاکہ وہ	وہ سب رجوع کریں	پھر کیوں نہ

نَصَرَهُمۡ ⑤	الَّذِيۡنَ	اتَّخَذُوۡا	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ⑥
مدد کی ان کی	(ان لوگوں نے) جن کو	انہوں نے بنا رکھا تھا	اللہ کے سوا

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے ہوتا ہے۔ ② لَهُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہو جاتا ہے۔ ③ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کا لفظ ہے۔ ④ فَ کا ترجمہ پس، تو اور کبھی پھر ہوتا ہے۔ ⑤ اسم کے آخر میں هُمۡ کا ترجمہ انکا، انکی، انکے ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں مِنۡ کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ ہوتا ہے۔ ⑧ لَوۡلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔

قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ	قرب حاصل کرنے کے لیے معبود
بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ	بلکہ وہ (معبود) گم ہو گئے ان سے
وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ	اور یہ ان کا جھوٹ تھا
وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿28﴾	اور جو وہ افترا کیا کرتے تھے۔ ﴿28﴾
وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ	اور جب ہم نے پھیرا آپ کی طرف
نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ	جنوں میں سے ایک گروہ کو
يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ	(کہ) وہ قرآن کو غور سے سن لیں
فَلَمَّا حَضَرُوْهُ	پھر جب وہ حاضر ہوئے اُس کے پاس
قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ	(تو آپس میں) کہنے لگے خاموش ہو جاؤ
فَلَمَّا قُضِيَ	پھر جب (تلاوت کو) پورا کیا گیا
وَلَّوْا	(تو) وہ (جن) واپس لوٹے
اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿29﴾	اپنی قوم کی طرف ڈرانے والے بن کر۔ ﴿29﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُرْبَانًا	: قرب، قریب، مقرب، قربانی۔	اِلَيْكَ	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اٰلِهَةً	: الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔	نَفَرًا	: بھاری نفری (تعداد)۔
بَلْ	: بلکہ۔	الْجِنِّ	: جن، جنات، جن وانس۔
ضَلُّوْا	: ضلالت وگمراہی۔	يَسْتَمِعُوْنَ	: سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
وَ	: مال ودولت، عفو ودرگزر، شان وشوکت۔	حَضَرُوْهُ	: حاضر، حاضری، استحضار۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	قَالُوْٓا	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يَفْتَرُوْنَ	: افترٰی پردازی، مفتری۔	قُضِيَ	: نماز کی قضائی، قضائے حاجت۔
صَرَفْنَآ	: تصریف، صرفِ نظر۔	مُّنْذِرِيْنَ	: بشارت وانذار، بشیر ونذیر۔

قُرۡبَانًا	اٰلِهَةً ؕ①	بَلۡ	ضَلُّوۡا
قرب (حاصل کرنے کے لیے)	معبود	بلکہ	وہ سب (معبود) گم ہو گئے

عَنۡهُمۡ ۚ	وَ	ذٰلِكَ②	اِفۡكُهُمۡ	وَ	مَا
ان سے	اور	یہ	ان کا جھوٹ (تھا)	اور	جو

كَانُوۡا	يَفۡتَرُوۡنَ (28)	وَ	اِذۡ	صَرَفۡنَاۤ
وہ سب تھے	وہ سب افترا کیا کرتے	اور	جب	ہم نے پھیرا

اِلَيۡكَ	نَفَرًا③	مِّنَ الۡجِنِّ	يَسۡتَمِعُوۡنَ
آپ کی طرف	ایک گروہ (کو)	جنوں میں سے	(کہ) وہ سب غور سے سن لیں

الۡقُرۡاٰنَ ۚ④	فَلَمَّا	حَضَرُوۡهُ⑤	قَالُوۡۤا
قرآن (کو)	پھر جب	وہ سب حاضر ہوئے اس کے پاس	(تو آپس میں) انھوں نے کہا

اَنۡصِتُوۡا ۚ⑥	فَلَمَّا	قُضِىَ⑦
تم سب خاموش ہو جاؤ	پھر جب	(تلاوت کو) پورا کیا گیا

وَلَّوۡا	اِلٰى قَوۡمِهِمۡ	مُّنۡذِرِيۡنَ⑧ (29)
(تو) وہ سب (جن) واپس لوٹے	اپنی قوم کی طرف	سب ڈرانے والے (بن کر)

ضروری وضاحت

①یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کا لفظ ہے۔②ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ ہوتا ہے۔③تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک ہوا ہے۔④فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤علامت وْا کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو "ا" گر جاتا ہے۔⑥فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وْا میں کام کرنے کا حکم ہے۔⑦فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔⑧شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔

قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا	انہوں نے کہا اے ہماری قوم بیشک ہم نے سنا ہے
كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى	ایک کتاب کو (جو) نازل کی گئی موسیٰ کے بعد
مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ	تصدیق کرنے والی ہے اپنے سے پہلی (کتابوں) کی
يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ	وہ رہنمائی کرتی ہے حق کی طرف
وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿30﴾	اور سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿30﴾
يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا	اے ہماری قوم تم قبول کرلو
دَاعِيَ اللّٰهِ	اللہ کے داعی (کی بات) کو
وَاٰمِنُوْا بِهٖ	اور اس پر ایمان لے آؤ
يَغْفِرْ لَكُمْ	وہ بخش دے گا تمہارے لیے
مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ	تمہارے گناہ اور وہ بچالے گا تمہیں
مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿31﴾	دردناک عذاب سے۔ ﴿31﴾
وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ	اور جو اللہ کے داعی (کی بات) کو قبول نہیں کرے گا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يٰقَوْمَنَآ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
سَمِعْنَا : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
كِتٰبًا : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
مُصَدِّقًا : تصدیق، مصدقہ۔
بَيْنَ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
يَدَيْهِ : یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع الیدین۔

يَهْدِيْٓ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
مُّسْتَقِيْمٍ : صراطِ مستقیم، استقامت، خطِ مستقیم۔
اَجِيْبُوْا، يُجِبْ : مستجاب الدعا، استجابت، جواب۔
دَاعِيَ : دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
اٰمِنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
يَغْفِرْ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
اَلِيْمٍ : الم ناک، رنج والم۔
لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔

قَالُوْا	يٰقَوْمَنَآ	اِنَّا①	سَمِعْنَا	كِتٰبًا②
اُن سب نے کہا	اے ہماری قوم	بیشک ہم نے	ہم نے سنا ہے	ایک کتاب (کو)

اُنْزِلَ③④	مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى⑤	مُصَدِّقًا④⑥	لِّمَا
(جو) نازل کی گئی	موسیٰ کے بعد	تصدیق کرنے والی (ہے)	(اُن کتابوں) کی جو

بَيْنَ يَدَيْهِ	يَهْدِيْٓ④	اِلَى الْحَقِّ	وَ
اُس کے ہاتھوں کے درمیان (یعنی اس سے پہلے)	وہ رہنمائی کرتی ہے	حق کی طرف	اور

اِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ (30)	يٰقَوْمَنَآ	اَجِيْبُوْا	دَاعِيَ اللّٰهِ
سیدھے راستے کی طرف	اے ہماری قوم	تم سب قبول کرلو	اللہ کے داعی (کی بات) کو

وَ	اٰمِنُوْا	بِهٖ	يَغْفِرْ	لَكُمْ	مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ⑦
اور	تم سب ایمان لے آؤ	اس پر	وہ بخش دے گا	تمہارے لیے	تمہارے گناہوں سے

وَ	يُجِرْكُمْ⑦	مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ (31)	وَ
اور	وہ بچالے گا تمہیں	دردناک عذاب سے	اور

مَنْ	لَّا	يُجِبْ	دَاعِيَ اللّٰهِ
جو	نہیں	وہ قبول کرے گا	اللہ کے داعی (کی بات) کو

ضروری وضاحت

① اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہ فعل اور اسم مذکر کیلئے ہے ضرورتاً ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔ ⑤ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اسم کے آخر میں كُمْ کا ترجمہ تمھارا یا اپنا اور فعل کے آخر میں تمہیں کیا جاتا ہے۔

فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ	تو (وہ) نہیں ہے ہرگز عاجز کرنے والا (اللہ کو)
فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ	زمین میں (کہیں بھاگ کر) اور نہیں ہونگے اس کے لیے
مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ	اس کے سوا کوئی مددگار
اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿32﴾	(بلکہ) یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ ﴿32﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ	اور (بھلا) کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ بیشک (وہ) اللہ
الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو
وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ	اور وہ تھکا نہیں انکے پیدا کرنے سے (وہ) قادر ہے
عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ	(اس) پر کہ وہ مُردوں کو زندہ کردے کیوں نہیں یقیناً وہ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿33﴾	ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿33﴾
وَيَوْمَ يُعْرَضُ	اور جس دن پیش کیے جائیں گے
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ	وہ (لوگ) جنہوں نے کفر کیا آگ پر
اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ	(تو کہا جائے گا) کیا یہ حق نہیں ہے؟

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِمُعْجِزٍ	عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔
الْاَرْضِ	ارض و سما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
اَوْلِيَآءُ	ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔
ضَلٰلٍ	ضلالت و گمراہی۔
مُّبِيْنٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
يَرَوْا	رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
خَلَقَ، بِخَلْقِهِنَّ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
السَّمٰوٰتِ	ارض و سما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
بِقٰدِرٍ	قدرت، قادر، قدیر۔
يُّحْيِۦَ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
الْمَوْتٰى	موت، میت، اموات۔
شَيْءٍ	شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
يُعْرَضُ	عرض، معروضات، عرضی نویس۔
النَّارِ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
هٰذَا	لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔
بِالْحَقِّ	حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔

فَلَيْسَ	بِمُعْجِزٍ ①②	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَيْسَ	لَهٗ
تونہیں ہے	ہرگز عاجز کرنے والا (اللہ کو)	زمین میں	اور	نہیں	اس کے لیے

مِنْ دُوْنِهٖٓ ③	اَوْلِيَآءُ ؕ	اُولٰٓئِكَ ④	فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿32﴾
اس کے سوا	کوئی مددگار	(بلکہ) یہ لوگ	کھلی گمراہی میں (ہیں)

اَوَ ⑤	لَمْ	يَرَوْا ⑥	اَنَّ اللّٰهَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
اور (بھلا) کیا	نہیں	ان سب نے دیکھا	کہ بیشک اللہ	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں (کو)

وَالْاَرْضَ	وَلَمْ	يَعْيَ	بِخَلْقِهِنَّ ⑦	بِقٰدِرٍ ②	عَلٰٓى اَنْ
اور زمین (کو)	اور نہیں	وہ تھکا	انکے پیدا کرنے سے	(وہ) قادر (ہے)	(اس) پر کہ

يُّحْيِۦَ	الْمَوْتٰى ؕ	بَلٰٓى	اِنَّهٗ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
وہ زندہ کردے	مُردوں (کو)	کیوں نہیں	یقیناً وہ	ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿33﴾	وَ	يَوْمَ	يُعْرَضُ ⑧	الَّذِيْنَ
خوب قدرت رکھنے والا (ہے)	اور	(جس) دن	پیش کیے جائیں گے	(وہ لوگ) جن

كَفَرُوْا	عَلَى النَّارِ ؕ	اَ	لَيْسَ	هٰذَا	بِالْحَقِّ ؕ ②
سب نے کفر کیا	آگ پر	(تو کہا جائے گا) کیا	نہیں (ہے)	یہ	حق

ضروری وضاحت

① شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔② بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ مِنْ کے بعد لفظ دُوْنَ ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔④ اُولٰٓئِكَ کا ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ ہوتا ہے۔⑤ جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ لَمْ کے بعد علامت یہ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن ہوتا ہے۔⑦ هِنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔⑧ فعل کے شروع پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔

قَالُوۡا بَلٰی وَ رَبِّنَا ؕ	وہ کہیں گے کیوں نہیں ہمارے رب کی قسم (یہ حق ہے)
قَالَ فَذُوۡقُوا الۡعَذَابَ	(تو اللہ) فرمائے گا پھر تم چکھو عذاب
بِمَا کُنۡتُمۡ تَکۡفُرُوۡنَ ﴿34﴾	(اس) وجہ سے کہ تم کفر کرتے تھے۔ ﴿34﴾
فَاصۡبِرۡ کَمَا صَبَرَ	پس (اے نبی) آپ صبر کیجیے جس طرح صبر کیا
اُولُوا الۡعَزۡمِ مِنَ الرُّسُلِ	عزم و ہمت والے رسولوں نے
وَ لَا تَسۡتَعۡجِلۡ لَّهُمۡ ؕ	اور ان کے لیے (عذاب کی) جلدی کا مطالبہ نہ کیجیے
کَاَنَّهُمۡ یَوۡمَ یَرَوۡنَ	گویا کہ وہ (کافر) جس دن دیکھ لیں گے (اس عذاب کو)
مَا یُوۡعَدُوۡنَ ۙ	جس کا وہ وعدہ دیے جاتے ہیں
لَمۡ یَلۡبَثُوۡۤا	(تو وہ سمجھیں گے کہ) نہیں وہ ٹھہرے (دنیا میں)
اِلَّا سَاعَةً مِّنۡ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ	مگر دن کی ایک گھڑی ہی، (یہ تو) پیغام پہنچا دینا ہے
فَهَلۡ یُهۡلَكُ	پھر نہیں ہلاک کیا جائے گا (کوئی اور)
اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿35﴾ ع	سوائے نافرمان لوگوں کے۔ ﴿35﴾

الرکوع 4 9 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوۡا، قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	یَرَوۡنَ	رؤیت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
فَذُوۡقُوا	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	یُوۡعَدُوۡنَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
تَکۡفُرُوۡنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	اِلَّا	اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
فَاصۡبِرۡ	صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔	سَاعَةً	ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔
کَمَا	کالعدم، کما حقہ/ ماحول، ماتحت۔	نَّهَارٍ	نہار منہ، لیل و نہار۔
اُولُوا الۡعَزۡمِ	اولوالعزم، اولوالعلم/ عزائم، پرعزم۔	بَلٰغٌ	بالغ، بلوغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔
الرُّسُلِ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	یُهۡلَكُ	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
تَسۡتَعۡجِلۡ	عجلت، مہر معجّل۔	الۡفٰسِقُوۡنَ	فسق و فجور، فاسق و فاجر۔

قَالُوْا ①	بَلٰى	وَ رَبِّنَا ۭ ②	قَالَ ①	فَذُوْقُوا
وہ سب کہیں گے	کیوں نہیں	ہمارے رب کی قسم	فرمائے گا	پھر تم سب چکھو

الْعَذَابَ	بِمَا ③	كُنْتُمْ	تَكْفُرُوْنَ ﴿34﴾	فَاصْبِرْ
عذاب	(اس) وجہ سے کہ	تم تھے	تم سب کفر کرتے	پس آپ صبر کیجیے

كَمَا	صَبَرَ	اُولُوا الْعَزْمِ	مِنَ الرُّسُلِ
جس طرح	صبر کیا	عزم وہمت والے	رسولوں میں سے

وَ	لَا تَسْتَعْجِلْ ④	لَّهُمْ ۭ	كَاَنَّهُمْ	يَوْمَ
اور	آپ جلدی کا مطالبہ نہ کیجیے	اُن کے لیے	گویا کہ وہ (کافر)	(جس) دن

يَرَوْنَ ⑤	مَا	يُوْعَدُوْنَ ۙ ⑥	لَمْ يَلْبَثُوْٓا
وہ سب دیکھ لیں گے	جس کا	وہ سب وعدہ دیے جاتے ہیں	نہیں وہ سب ٹھہرے

اِلَّا	سَاعَةً	مِّنْ نَّهَارٍ ۭ	بَلٰغٌ ۚ
مگر	ایک گھڑی (ہی)	دن سے	(یہ تو) پیغام پہنچا دینا ہے

فَهَلْ ⑦	يُهْلَكُ ⑥	اِلَّا	الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿35﴾ ع
پھر نہیں	وہ ہلاک کیا جائے گا	سوائے	نافرمان لوگوں کے

ع 4 9 4 الربع

ضروری وضاحت

① یہ فعل ماضی کے لیے ہیں ضرورتاً ترجمہ مستقبل میں کیا گیا ہے۔② وَ کا ایک ترجمہ قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ اور کبھی بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔④ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ یہ دراصل يَرْءَيُوْنَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق يَرَوْنَ ہو گیا ہے۔⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔⑦ هَلْ کا اصل ترجمہ کیا ہوتا ہے لیکن اگر اسکے بعد اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اسکا ترجمہ نہیں ہوتا ہے۔

اٰیَاتُھَا 38 | 47 سُوْرَۃُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِیَّۃٌ 95 | رُکُوْعَاتُھَا 4

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا	(وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ	اور اُنہوں نے روکا اللہ کے راستے سے
اَضَلَّ اَعۡمَالَھُمۡ ﴿1﴾	(تو) اس نے ضائع کر دیے ان کے اعمال۔ ﴿1﴾
وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	اور وہ لوگ جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوۡا	اور انہوں نے نیک اعمال کیے اور وہ ایمان لائے
بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ	اس (قرآن) پر جو نازل کیا گیا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر
وَّھُوَ الۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّھِمۡ ۙ	اور وہی حق ہے ان کے رب کی طرف سے
کَفَّرَ عَنۡھُمۡ سَیِّاٰتِھِمۡ	(اللہ نے) دور کر دیں ان سے ان کی برائیاں
وَاَصۡلَحَ بَالَھُمۡ ﴿2﴾	اور ان کے حال کی اصلاح کر دی۔ ﴿2﴾
ذٰلِکَ بِاَنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوا	یہ اس لیے کہ بے شک جنہوں نے کفر کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

کَفَرُوۡا : کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
وَ : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔
سَبِیۡلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
اَضَلَّ : ضلالت و گمراہی۔
اَعۡمَالَھُمۡ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
اٰمَنُوۡا : امن، ایمان، مومن۔
عَمِلُوا : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔

الصّٰلِحٰتِ : اصلاح، اعمال صالحہ۔
بِمَا : بالکل، بالواسطہ/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔
نُزِّلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
عَلٰی : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
الۡحَقُّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی، حقوق۔
سَیِّاٰتِھِمۡ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
اَصۡلَحَ : اصلاح، اعمال صالحہ، صلاح، صلح۔

اٰیَاتُهَا 38 — 47 سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ 95 — رُكُوْعَاتُهَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الَّذِيْنَ ①	كَفَرُوْا	وَ	صَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور	اُن سب نے روکا	اللہ کے راستے سے

اَضَلَّ	اَعْمَالَهُمْ ② (1)	وَ	الَّذِيْنَ ①	اٰمَنُوْا
(تو) اس نے ضائع کردیے	اُن کے اعمال	اور	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ③	وَ	اٰمَنُوْا	بِمَا ④
اور انہوں نے اعمال کیے	نیک	اور	وہ سب ایمان لائے	(اُس قرآن) پر جو

نُزِّلَ ⑤	عَلٰی مُحَمَّدٍ	وَّ	هُوَ الْحَقُّ ⑥	مِنْ رَّبِّهِمْ ② لا
نازل کیا گیا	محمد ﷺ پر	اور	وہی حق ہے	ان کے رب (کی طرف) سے

كَفَّرَ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ ②③	وَاَصْلَحَ	بَالَهُمْ ② (2)
اُس نے دور کردیں	اُن سے	اُن کی بُرائیاں	اور اُس نے اصلاح کردی	ان کے حال کی

ذٰلِكَ ⑦	بِاَنَّ ④	الَّذِيْنَ ①	كَفَرُوْا
یہ	اس وجہ سے کہ بے شک	جن	سب نے کفر کیا

ضروری وضاحت

① اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے کیا جاتا ہے۔ ② اسم کے آخر میں هُمْ یا هِمْ کا ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ③ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ ہوتا ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ هُوَ کے بعد ال ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کیا جاتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ	انہوں نے باطل کی پیروی کی
وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اور بے شک (وہ لوگ) جو ایمان لائے
اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ	انہوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی پیروی کی
كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ	اسی طرح اللہ بیان کرتا ہے
لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝3	لوگوں کے لیے ان کی مثالیں۔ ۝3
فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	تو جب (جہاد میں) تم ملو ان (لوگوں) سے جنہوں نے کفر کیا
فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ	تو گردنیں مارنا (تمہارا کام) ہے
حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ	یہاں تک کہ جب تم خوب قتل کر چکو اُنہیں
فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ	تو مضبوطی سے باندھو (قیدیوں کی) رسیوں کو
فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ	پھر یا تو اس کے بعد (ان پر) احسان کرنا ہے
وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى	اور یا فدیہ (یعنی تاوان) لینا ہے یہاں تک کہ
تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚۛ ذٰلِكَ ۛؕ	جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے، یہی (حکم ہے)،

مع 13 وقد يبتدأ بقوله ذلك ولكن حسن اتصاله بما قبله ويوقف على ذلك 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّبَعُوا	: اتباع، تابع، متبع سنت۔	فَضَرْبَ	: ضرب کاری، مضروب۔
اٰمَنُوا	: امن، ایمان، مومن۔	حَتّٰى	: حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
كَذٰلِكَ	: کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	فَشُدُّوا	: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
يَضْرِبُ	: ضرب المثل، ضرب الامثال۔	مَنًّا	: ممنون، منت وسماجت۔
لِلنَّاسِ	: عوام الناس، عامۃ الناس، بعض الناس۔	فِدَآءً	: فدیہ۔
اَمْثَالَهُمْ	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	تَضَعَ	: وضع قطع، وضع کرنا، موضوع۔
لَقِيْتُمُ	: ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	الْحَرْبُ	: آلاتِ حرب، حربہ، ایامِ حرب (جنگ)۔
كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	اَوْزَارَهَا	: اوزار۔

اتَّبَعُوا	الۡبَاطِلَ ①	وَ	اَنَّ ②	الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوا
اُنہوں نے پیروی کی	باطل (کی)	اور	بے شک	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے

اتَّبَعُوا	الۡحَقَّ ①	مِنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ	كَذٰلِكَ	يَضۡرِبُ اللّٰهُ ①③
اُنہوں نے پیروی کی	حق (کی)	اپنے رب (کی طرف) سے	اسی طرح	اللہ بیان کرتا ہے

لِلنَّاسِ	اَمۡثَالَهُمۡ ③	فَاِذَا ④	لَقِيۡتُمُ	الَّذِيۡنَ
لوگوں کے لیے	ان کی مثالیں	تو جب	تم ملو	(اُن لوگوں سے) جن

كَفَرُوۡا	فَضَرۡبَ	الرِّقَابِ ؕ	حَتّٰۤى	اِذَاۤ ④
سب نے کفر کیا	تو مارنا	گردنیں	یہاں تک کہ	جب

اَثۡخَنۡتُمُوۡهُمۡ ⑤	فَشُدُّوا	الۡوَثَاقَ ① ۙ
تم خوب قتل کرچکو انہیں	تو مضبوطی سے باندھو	(قیدیوں کی) رسیوں کو

فَاِمَّا ⑥	مَنًّۢا	بَعۡدُ	وَ	اِمَّا ⑥	فِدَآءً
پھر یا	تو (ان پر) احسان کرنا ہے	اس کے بعد	اور	یا	فدیہ (یعنی تاوان) لینا (ہے)

حَتّٰى	تَضَعَ ⑦	الۡحَرۡبُ ①	اَوۡزَارَهَا ۛۚ	ذٰلِكَ ؕ
یہاں تک کہ	ڈال دے	جنگ	اپنے ہتھیار	یہ (حکم ہے)

وقف یبتدا بقوله ذلكؕ ولكن حسن اتصاله بما قبله ویوقف علی ذلكؕ 12

مع 13

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ② اَنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ③ ی کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب کبھی اچانک ہوتا ہے۔ ⑤ تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگائی ہو تو تُمُ اور اس علامت کے درمیان وٗ کا اضافہ کرتے ہیں۔ ⑥ اِمَّا حرف تخییر ہے یعنی دو معاملات کے درمیان اختیار دینے کیلئے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے اور ترجمہ یا کیا جاتا ہے۔ ⑦ تَ فعل کے شروع میں مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ	اور اگر اللہ چاہتا
لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ	(تو خود ہی) ضرور بدلہ لے لیتا ان سے
وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَاْ	اور لیکن (اس نے تمہیں حکم دیا ہے) تا کہ وہ آزمائے
بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ	تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے
وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور (وہ لوگ) جو قتل کیے گئے اللہ کے راستے میں
فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿4﴾	تو (اللہ) ہرگز نہیں ضائع کرے گا انکے اعمال۔ ﴿4﴾
سَيَهْدِيْهِمْ	وہ عنقریب ضرور رہنمائی دے گا انہیں
وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ﴿5﴾ ۚ	اور وہ اصلاح کرے گا ان کے حال کی۔ ﴿5﴾ ۚ
وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ	اور وہ داخل کرے گا انہیں (اس) جنت میں
عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿6﴾	(کہ) وہ اس کی پہچان کروا چکا ہے اُن کو۔ ﴿6﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو
اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ	اگر تم مدد کرو اللہ (کے دین) کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
يَشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
مِنْهُمْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
لٰكِنْ	: لیکن۔
لِّيَبْلُوَاْ	: بلا، ابتلاء وآزمائش، مبتلا۔
بَعْضَكُمْ	: بعض الناس، بعض اوقات۔
قُتِلُوْا	: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
سَبِيْلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
يُّضِلَّ	: ضلالت وگمراہی۔
اَعْمَالَهُمْ	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
سَيَهْدِيْهِمْ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
يُصْلِحُ	: اصلاح، اعمال صالحہ۔
يُدْخِلُهُمُ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
عَرَّفَهَا	: عرف، معروف، تعارف، معرفت۔
اٰمَنُوْۤا	: امن، ایمان، مومن۔
تَنْصُرُوا	: نصرت، ناصر، منصور۔

وَ	لَوْ ①	يَشَآءُ اللّٰهُ ②	لَانْتَصَرَ	مِنْهُمْ
اور	اگر	اللہ چاہتا	ضرور بدلہ لے لیتا	ان سے

وَ	لٰكِنْ	لِّيَبْلُوَا۟ ③④	بَعْضَكُمْ
اور	لیکن	(اس نے تمہیں حکم دیا ہے) تا کہ وہ آزمائے	تم میں سے بعض کو

بِبَعْضٍ ؕ	وَ	الَّذِيْنَ	قُتِلُوْا ⑤	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بعض کے ذریعے	اور	(وہ لوگ) جو	وہ سب قتل کیے گئے	اللہ کے راستے میں

فَلَنْ ⑥	يُّضِلَّ	اَعْمَالَهُمْ ﴿4﴾	سَيَهْدِيْهِمْ ⑦
تو ہرگز نہیں	وہ ضائع کرے گا	انکے اعمال	عنقریب ضرور وہ رہنمائی دے گا انہیں

وَ	يُصْلِحُ	بَالَهُمْ ج ﴿5﴾	وَ	يُدْخِلُهُمُ
اور	وہ اصلاح کرے گا	ان کے حال (کی)	اور	وہ داخل کرے گا اُنہیں (اس)

الْجَنَّةَ	عَرَّفَهَا	لَهُمْ ﴿6﴾	يٰۤاَيُّهَا ⑧
جنت (میں)	(کہ) وہ پہچان کروا چکا ہے اس کی	ان کو	اے

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِنْ	تَنْصُرُوا	اللّٰهَ
(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو	اگر	تم سب مدد کرو	اللہ (کے دین کی)

ضروری وضاحت

① لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر اور کبھی کاش ہوتا ہے۔ ② يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ، کبھی چاہیے کہ ہوتا ہے۔ ④ لِّيَبْلُوَا۟ کے آخر میں وا صل لفظ کا حصہ اور "ا" قرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ⑥ علامت لَنْ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑦ فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ یا اور اَيُّهَا کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔

يَنۡصُرۡكُمۡ وَ يُثَبِّتۡ	وہ مدد کرے گا تمہاری اور وہ جما دے گا
اَقۡدَامَكُمۡ ﴿7﴾	تمہارے قدموں کو۔ ﴿7﴾
وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فَتَعۡسًا لَّهُمۡ	اور وہ (لوگ) جنہوں نے کفر کیا تو ہلاکت ہے انکے لیے
وَ اَضَلَّ اَعۡمَالَهُمۡ ﴿8﴾	اور اس نے ان کے اعمال ضائع کر دیے۔ ﴿8﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَرِهُوۡا	یہ اس لیے کہ بے شک انہوں نے ناپسند کیا
مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ	(اُسے) جو اللہ نے نازل کیا
فَاَحۡبَطَ اَعۡمَالَهُمۡ ﴿9﴾	تو اس نے ضائع کر دیے ان کے اعمال۔ ﴿9﴾
اَفَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ	تو (بھلا) کیا یہ (لوگ) زمین میں چلے پھرے نہیں
فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ	کہ وہ دیکھتے کیسا انجام ہوا
الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ	(اُن لوگوں کا) جو اُن سے پہلے تھے
دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ ۚ	اللہ نے تباہی ڈال دی ان پر
وَلِلۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡثَالُهَا ﴿10﴾	اور کافروں کے لیے اس جیسی (سزائیں) ہیں۔ ﴿10﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَنۡصُرۡكُمۡ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔	يَسِيۡرُوۡا : سیر، سیر و تفریح، سیر و سیاحت۔
يُثَبِّتۡ : ثابت، ثبوت، مثبت، اثبات۔	الۡاَرۡضِ : ارض و سما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
اَقۡدَامَكُمۡ : قدم، مقدمہ الجیش، تقدیم، اقدام۔	فَيَنۡظُرُوۡا : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
كَفَرُوۡا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	كَيۡفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
اَضَلَّ : ضلالت و گمراہی۔	عَاقِبَةُ : عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
اَعۡمَالَهُمۡ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	قَبۡلِهِمۡ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
كَرِهُوۡا : کراہت، مکروہ، مکروہات۔	لِلۡكٰفِرِيۡنَ : الحمد للہ، لہٰذا/ کفر، کافر، کفار۔
اَنۡزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	اَمۡثَالُهَا : مثل، تمثیل، مثال، امثلہ۔

يَنۡصُرۡكُمۡ	وَ	يُثَبِّتۡ	اَقۡدَامَكُمۡ ﴿7﴾	وَ
وہ مدد کرے گا تمہاری	اور	وہ جمادے گا	تمہارے قدموں (کو)	اور

الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	فَتَعۡسًا	لَّهُمۡ ①	وَاَضَلَّ
(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	تو ہلاکت (ہے)	ان کے لیے	اور اس نے ضائع کردیے

اَعۡمَالَهُمۡ ﴿8﴾	ذٰلِكَ ②	بِاَنَّهُمۡ ③	كَرِهُوۡا	مَاۤ ④
ان کے اعمال	یہ	اس وجہ سے کہ بے شک وہ سب	سب نے ناپسند کیا	(اسے) جو

اَنۡزَلَ اللّٰهُ	فَاَحۡبَطَ	اَعۡمَالَهُمۡ ﴿9﴾	اَفَلَمۡ ⑤
اللہ نے نازل کیا	تو اس نے ضائع کردیے	ان کے اعمال	تو (بھلا) کیا نہیں

يَسِيۡرُوۡا	فِى الۡاَرۡضِ	فَيَنۡظُرُوۡا	كَيۡفَ
وہ سب چلے پھرے	زمین میں	پس وہ سب دیکھتے	کیسا

كَانَ ⑥	عَاقِبَةُ	الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ
ہوا	انجام	(اُن لوگوں کا) جو	ان سے پہلے (تھے)

دَمَّرَ اللّٰهُ	عَلَيۡهِمۡ ۫	وَ	لِلۡكٰفِرِيۡنَ	اَمۡثَالُهَا ⑦ ﴿10﴾
اللہ نے تباہی ڈال دی	ان پر	اور	کافروں کے لیے	اسکی مثل (سزائیں ہیں)

ضروری وضاحت

① لَهُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔② ذٰلِكَ واحد مذکر کیلئے اشارہ بعید ہے، اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کردیا جاتا ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کو کبھی پر کبھی بدلہ کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ ہوتا ہے۔④ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس کبھی نہیں ہوتا ہے۔⑤ جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑦ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے اسم کے آخر میں ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے ہوتا ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوۡلَى	یہ اس وجہ سے کہ بے شک اللہ مدد گار ہے
الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	(اُن لوگوں کا) جو ایمان لائے
وَ اَنَّ الۡكٰفِرِيۡنَ لَا مَوۡلٰى لَهُمۡ ﴿۱۱﴾	اور یہ کہ بیشک ان کافروں کا کوئی مدد گار نہیں۔ ﴿۱۱﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدۡخِلُ الَّذِيۡنَ	بے شک اللہ داخل کرے گا (اُن لوگوں کو) جو
اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کیے
جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ؕ	(ایسے) باغات میں (کہ) چلتی ہیں انکے نیچے سے نہریں
وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	اور وہ (لوگ) جنہوں نے کفر کیا
يَتَمَتَّعُوۡنَ وَيَاۡكُلُوۡنَ	وہ فائدہ اٹھاتے ہیں (صرف دنیا کا) اور وہ کھاتے ہیں
كَمَا تَاۡكُلُ الۡاَنۡعَامُ	(ایسے) جیسے جانور کھاتے ہیں
وَالنَّارُ مَثۡوًى لَّهُمۡ ﴿۱۲﴾	اور آگ ہی ان کے لیے رہنے کی جگہ ہے۔ ﴿۱۲﴾
وَكَاَيِّنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ هِىَ اَشَدُّ	اور کتنی ہی بستیاں (کہ) وہ زیادہ سخت تھیں
قُوَّةً مِّنۡ قَرۡيَتِكَ	قوت میں آپ کی بستی سے

ع ۱۱ / ۵

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَوۡلَى	ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔	تَجۡرِىۡ	جاری، اجرا۔
اٰمَنُوۡا	امن، ایمان، مومن۔	الۡاَنۡهٰرُ	نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	يَتَمَتَّعُوۡنَ	متاع کارواں، مال ومتاع۔
الۡكٰفِرِيۡنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	يَاۡكُلُوۡنَ	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
يُدۡخِلُ	دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔	كَمَا	کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
عَمِلُوۡا	عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	الۡاَنۡعَامُ	عوام کالانعام۔
الصّٰلِحٰتِ	اصلاح، اعمال صالحہ۔	النَّارُ	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
جَنّٰتٍ	جنت، جنات، جنت الفردوس۔	قَرۡيَةٍ	قریہ قریہ بستی بستی، اُم القریٰ۔

ع 11 (1، 5)

ذٰلِكَ	بِاَنَّ اللّٰهَ ①	مَوْلَى	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
یہ	(اس) وجہ سے کہ بیشک اللہ	مددگار (ہے)	(اُن لوگوں کا) جو	سب ایمان لائے	اور

اَنَّ ①	الْكٰفِرِيْنَ	لَا مَوْلٰى	لَهُمْ ع (11)	اِنَّ اللّٰهَ ①
(یہ) کہ بیشک	کافروں کا	کوئی مددگار نہیں	اُن کے لیے	بیشک اللہ

يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ②
وہ داخل کرے گا	(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے	اور انہوں نے اعمال کیے	نیک

جَنّٰتٍ ②	تَجْرِيْ ②	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ ط	وَ	الَّذِيْنَ
(ایسے) باغات (میں کہ)	چلتی ہیں	انکے نیچے سے	نہریں	اور	(وہ لوگ) جن

كَفَرُوْا	يَتَمَتَّعُوْنَ ③	وَ	يَاْكُلُوْنَ	كَمَا
سب نے کفر کیا	وہ سب فائدہ اٹھاتے ہیں	اور	وہ سب کھاتے ہیں	(ایسے) جس طرح

تَاْكُلُ ②	الْاَنْعَامُ ④	وَالنَّارُ	مَثْوًى	لَّهُمْ (12)	وَ	كَاَيِّنْ ⑤
کھاتے ہیں	جانور	اور آگ (ہی)	رہنے کی جگہ (ہے)	اُن کے لیے	اور	کتنی ہی

مِّنْ قَرْيَةٍ ②⑥	هِيَ	اَشَدُّ ⑦	قُوَّةً ②	مِّنْ قَرْيَتِكَ
بستیاں	(کہ) وہ	زیادہ سخت (تھیں)	قوت (میں)	آپ کی بستی سے

ضروری وضاحت

①اِنَّ اور اَنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامتیں ہیں۔②ات اور ۃ اسم کے آخر میں اور تَ فعل کے شروع میں مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔④فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑤ كَاَيِّنْ کا ترجمہ کبھی کتنی ہی اور کبھی بہت سی کیا جاتا ہے۔⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں، اور قَرْيَةٍ کا ترجمہ ضرورتاً جمع میں کیا گیا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

الَّتِيٓ اَخۡرَجَتۡكَ ۚ	جس (کے رہنے والوں) نے آپ کو نکال دیا
اَهۡلَكۡنٰهُمۡ فَلَا نَاصِرَ	ہم نے ہلاک کر دیا اُنہیں پھر کوئی مددگار نہ تھا
لَهُمۡ ﴿13﴾ اَفَمَنۡ كَانَ	اُن کا۔ ﴿13﴾ تو (بھلا) کیا (وہ شخص) جو ہو
عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ	واضح دلیل پر اپنے رب کی طرف سے
كَمَنۡ زُيِّنَ لَهٗ	(اس شخص) کی طرح ہوسکتا ہے جسکے لیے مزین کر دیا گیا ہو
سُوۡٓءُ عَمَلِهٖ	اُس کا برا عمل
وَاتَّبَعُوۡٓا اَهۡوَآءَهُمۡ ﴿14﴾	اور انہوں نے پیروی کی اپنی خواہشات کی۔ ﴿14﴾
مَثَلُ الۡجَنَّةِ	(اس) جنت کی صفت یہ ہے
الَّتِيۡ وُعِدَ الۡمُتَّقُوۡنَ ؕ	جس کا وعدہ متقی لوگوں سے کیا گیا ہے
فِيۡهَآ اَنۡهٰرٌ مِّنۡ مَّآءٍ	(کہ) اس میں نہریں ہیں (ایسے) پانی کی
غَيۡرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنۡهٰرٌ	(جو) بدبو کرنے والا نہیں اور نہریں ہیں
مِّنۡ لَّبَنٍ لَّمۡ يَتَغَيَّرۡ طَعۡمُهٗ ۚ	(ایسے) دودھ کی (کہ) نہیں بدلا ہوگا اس کا ذائقہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لفظ	استعمال	لفظ	استعمال
اَخۡرَجَتۡكَ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	اتَّبَعُوۡٓا	اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَهۡلَكۡنٰهُمۡ	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	اَهۡوَآءَهُمۡ	ہوائے نفس۔
نَاصِرَ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔	وُعِدَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
بَيِّنَةٍ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	الۡمُتَّقُوۡنَ	تقویٰ، متقی۔
كَمَنۡ	کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	اَنۡهٰرٌ	نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔
زُيِّنَ	مزین، تزئین وآرائش، زینت۔	مَّآءٍ	ماءاللحم، ماءالحیات۔
سُوۡٓءُ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	يَتَغَيَّرۡ	تغیر وتبدل، متغیر۔
عَمَلِهٖ	عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	طَعۡمُهٗ	طعام، قیام وطعام۔

الَّتِيْٓ ①	اَخْرَجَتْكَ ۚ ②	اَهْلَكْنٰهُمْ	فَلَا نَاصِرَ ③
جس نے	نکال دیا آپ کو	ہم نے ہلاک کر دیا اُنہیں	پھر کوئی مددگار نہیں (تھا)

لَهُمْ ﴿13﴾	اَفَمَنْ ④	كَانَ	عَلٰى بَيِّنَةٍ ②	مِّنْ رَّبِّهٖ
ان کا	تو (بھلا) کیا (وہ شخص) جو	ہو	واضح دلیل پر	اپنے رب (کی طرف) سے

كَمَنْ	زُيِّنَ ⑤	لَهٗ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ
(اس شخص) کی طرح (ہوسکتا ہے) جو	مزین کر دیا گیا (ہو)	اس کے لیے	اس کا برا عمل

وَ	اتَّبَعُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ ﴿14﴾	مَثَلُ الْجَنَّةِ
اور	ان سب نے پیروی کی	اپنی خواہشات کی	(اس) جنت کی صفت (یہ ہے)

الَّتِيْ ①	وُعِدَ ⑤	الْمُتَّقُوْنَ ؕ	فِيْهَآ
جس کا	وعدہ کیا گیا ہے	متقی لوگوں (سے)	(کہ) اس میں

اَنْهٰرٌ	مِّنْ مَّآءٍ ⑥	غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ	وَ
نہریں (ہیں)	(ایسے) پانی کی	(جو) بدبو کرنے والا نہیں	اور

اَنْهٰرٌ	مِّنْ لَّبَنٍ ⑥	لَّمْ يَتَغَيَّرْ ⑦⑧	طَعْمُهٗ ۚ
نہریں (ہیں)	(ایسے) دودھ کی (کہ)	بالکل نہیں بدلا (ہوگا)	اس کا ذائقہ

ضروری وضاحت

① الَّتِيْ واحد مؤنث کی علامت ہے جسکے مقابلے میں الَّذِيْ واحد مذکر کی علامت ہے۔② تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر میں کوئی نہیں کا مفہوم ہے۔④ جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔⑥ مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے، یہاں ضرورتاً ترجمہ کی کیا گیا ہے۔⑦ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ یہاں تَ اور شد میں تاکید یا اہتمام سے کام کرنے کا مفہوم ہے۔

وَ اَنۡهٰرٌ مِّنۡ خَمۡرٍ	اور نہریں ہیں (ایسی) شراب کی
لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيۡنَ ۚ	(جو) پینے والوں کے لیے (سراسر) لذت ہے
وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ	اور نہریں ہیں (خود) صاف کیے ہوئے شہد کی
وَلَهُمۡ فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ	اور ان کے لیے اس میں ہر قسم کے پھل ہوں گے
وَ مَغۡفِرَةٌ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ	اور بخشش ہوگی ان کے رب کی طرف سے
كَمَنۡ	(کیا یہ لوگ ان لوگوں) کی طرح (ہو سکتے ہیں) جو (کہ)
هُوَ خَالِدٌ فِى النَّارِ	وہ آگ میں ہمیشہ رہنے والے ہیں
وَ سُقُوۡا مَآءً حَمِيۡمًا	اور وہ پلائے جائیں گے کھولتا ہوا پانی
فَقَطَّعَ اَمۡعَآءَهُمۡ ﴿15﴾	تو وہ کاٹ ڈالے گا ان کی انتڑیوں کو۔ ﴿15﴾
وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّسۡتَمِعُ	اور ان میں سے (کچھ ایسے ہیں) جو کان لگاتے ہیں
اِلَيۡكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا	آپ کی طرف، یہاں تک کہ جب
خَرَجُوۡا مِنۡ عِنۡدِكَ	وہ نکلتے ہیں آپ کے پاس سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنۡهٰرٌ	: نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔	النَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
لَّذَّةٍ	: لذت، لذیذ۔	سُقُوۡا	: ساقی، ساقیٔ کوثر۔
لِّلشّٰرِبِيۡنَ	: الحمدللہ، الہذا/مشروب، شربت۔	مَآءً	: ماء الحیات، ماء اللحم۔
مُّصَفًّى	: صاف وشفاف، صافی چشمہ۔	فَقَطَّعَ	: قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
الثَّمَرٰتِ	: ثمر، ثمرات۔	يَّسۡتَمِعُ	: سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع، سامع۔
مَغۡفِرَةٌ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	حَتّٰٓى	: حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
كَمَنۡ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	خَرَجُوۡا	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
خَالِدٌ	: خالد، خلد بریں۔	عِنۡدِكَ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔

وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ خَمْرٍ ①	لَّذَّةٍ ②	لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ۵	وَ
اور نہریں (ہیں)	شراب کی	(جو) لذت (ہے)	پینے والوں کے لیے	اور

اَنْهٰرٌ	مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ① ؕ	وَ	لَهُمْ ③	فِيْهَا
نہریں (ہیں)	صاف کیے ہوئے شہد کی	اور	اُن کے لیے	اُس میں

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ②	وَ	مَغْفِرَةٌ ②	مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ
ہر قسم کے پھل (ہوں گے)	اور	بخشش (ہوگی)	ان کے رب (کی طرف) سے

كَمَنْ	هُوَ	خَالِدٌ ④	فِي النَّارِ	وَ
(اُن) کی طرح (ہیں) جو	(کہ) وہ	ہمیشہ رہنے والا	آگ میں	اور

سُقُوْا ⑤⑥	مَآءً حَمِيْمًا	فَقَطَّعَ	اَمْعَآءَهُمْ ⑮
وہ سب پلائے جائیں گے	کھولتا ہوا پانی	تو وہ کاٹ ڈالے گا	اُن کی انتڑیوں (کو)

وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُ ⑦	اِلَيْكَ ۚ
اور	ان میں سے	(کچھ ایسے ہیں) جو	وہ کان لگاتے ہیں	آپ کی طرف

حَتّٰٓى	اِذَا	خَرَجُوْا ⑥	مِنْ عِنْدِكَ
یہاں تک کہ	جب	وہ سب نکلتے ہیں	آپ کے پاس سے

ضروری وضاحت

① مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے، یہاں ضرورتاً ترجمہ کی کیا گیا ہے۔ ② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ④ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ یہ دراصل سُقِيُوْا تھا، شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ مستقبل یا حال میں کیا گیا ہے۔ ⑦ یہ فعل واحد مذکر کا ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ	(تو) کہتے ہیں (ان لوگوں) سے جو علم (دین) دیے گئے
مَاذَا قَالَ اٰنِفًا قف اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ	ابھی اس نے کیا کہا تھا؟، یہی (لوگ) ہیں جو (کہ)
طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	اللہ نے مہر لگا دی ان کے دلوں پر
وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿16﴾	اور انہوں نے پیروی کی اپنی خواہشات کی۔ ﴿16﴾
وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا	اور وہ (لوگ) جنہوں نے ہدایت پائی
زَادَهُمْ هُدًى	اس (اللہ) نے بڑھا دیا انہیں ہدایت میں
وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿17﴾	اور اس نے عطا کر دیا انہیں ان کا تقویٰ۔ ﴿17﴾
فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ	سو نہیں وہ انتظار کرتے مگر قیامت کا
اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ج	یہ کہ وہ آجائے ان پر اچانک
فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ج	پس یقیناً آ چکیں اس کی نشانیاں
فَاَنّٰى لَهُمْ	پھر کہاں (ممکن ہوگی) اُن کے لیے
اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿18﴾	انکی نصیحت جب وہ (قیامت) انکے پاس آجائے گی۔ ﴿18﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالُوْا، قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اهْتَدَوْا : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
الْعِلْمَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علامہ۔	زَادَهُمْ : زیادہ، مزید، زائد۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	هُدًى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	تَقْوٰىهُمْ : تقویٰ، متقی۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	يَنْظُرُوْنَ : انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔
اتَّبَعُوْٓا : اتباع، تابع، متبع سنت۔	اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
اَهْوَآءَهُمْ : ہوائے نفس۔	ذِكْرٰىهُمْ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔

قَالُوْا①	لِلَّذِيْنَ	اُوْتُوا②	الْعِلْمَ	مَاذَا	قَالَ
(تو) کہتے ہیں	(ان لوگوں) سے جو	وہ سب دیے گئے	علم (دین)	کیا	اس نے کہا تھا

اٰنِفًا قف	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	طَبَعَ اللّٰهُ③	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ④
ابھی	(یہ) وہی	(لوگ ہیں) جو (کہ)	اللہ نے مہر لگا دی	ان کے دلوں پر

وَ	اتَّبَعُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ④ (16)	وَ	الَّذِيْنَ
اور	انہوں نے پیروی کی	اپنی خواہشات کی	اور	جن

اهْتَدَوْا	زَادَهُمْ④	هُدًى	وَّاٰتٰىهُمْ④
سب نے ہدایت پائی	اس (اللہ) نے بڑھا دیا اُنہیں	ہدایت (میں)	اور اس نے عطا کردیا انہیں

تَقْوٰىهُمْ④ (17)	فَهَلْ⑤	يَنْظُرُوْنَ⑥	اِلَّا السَّاعَةَ⑦	اَنْ
ان کا تقویٰ	سو نہیں	وہ سب انتظار کرتے	مگر قیامت کا	یہ کہ

تَاْتِيَهُمْ⑦	بَغْتَةً⑦ ج	فَقَدْ	جَآءَ	اَشْرَاطُهَا ج
وہ آجائے ان پر	اچانک	پس یقیناً	آچکیں	اس کی نشانیاں

فَاَنّٰى	لَهُمْ	اِذَا	جَآءَتْهُمْ⑦	ذِكْرٰىهُمْ (18)
پھر کہاں (ممکن ہوگی)	اُن کے لیے	جب	وہ (قیامت) آجائے گی انکے پاس	اُن کی نصیحت

ضروری وضاحت

① یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ حال میں کیا گیا ہے۔② اُوْتُوْا دراصل اُوْتِيُوْا تھا گرامر کے اصول کے مطابق اُوْتُوْا ہوگیا ہے۔③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔④ اسم کے آخر میں هُمْ یا هِمْ کا ترجمہ انکا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ترجمہ انہیں ہوتا ہے۔⑤ هَلْ کا ترجمہ کیا ہوتا ہے اگر اسکے بعد اِلَّا آرہا ہو تو اسکا ترجمہ نہیں ہوتا ہے۔⑥ يَنْظُرُوْنَ کا مفہوماً ترجمہ وہ سب انتظار کرتے ہوا ہے۔⑦ ة، ت اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ	پس آپ جان لیجیے کہ بے شک یہ حقیقت ہے کہ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ	اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بخشش مانگیے اپنے گناہ کی
وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ	اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لیے (بھی)
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ	اور اللہ جانتا ہے تمہارے چلنے پھرنے
وَمَثْوٰىكُمْ ۞ 19 ع	اور تمہارے ٹھہرنے کو۔ ۞ 19 ع
وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اور کہتے ہیں وہ (لوگ) جو ایمان لائے
لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ	کوئی سورت کیوں نہیں نازل کی گئی؟
فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ	پھر جب نازل کی جائے کوئی سورت
مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا	صاف معنوں والی اور اس میں ذکر کیا گیا ہو
الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ	قتال (یعنی جہاد) کا (تو) آپ دیکھیں گے
الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ	(اُن لوگوں کو) جن کے دلوں میں بیماری ہے
يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ	(کہ) وہ دیکھ رہے ہوتے ہیں آپ کی طرف

ع 2 8 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاعْلَمْ، يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
لَا : لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
اِلٰهَ : الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔
اِلَّا : اِلاماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔
اسْتَغْفِرْ : مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔
لِلْمُؤْمِنِيْنَ : الحمدللہ، لہٰذا/ ایمان، مومن، امن۔
اٰمَنُوْا : ایمان، مومن، امن، مومنات۔
نُزِّلَتْ، اُنْزِلَتْ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔

سُوْرَةٌ : سورت، قرآنی سورتیں۔
مُّحْكَمَةٌ : یقین محکم، آیاتِ محکمات۔
ذُكِرَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
الْقِتَالُ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
رَاَيْتَ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
يَّنْظُرُوْنَ : نظر، منظر، نظارہ، منظور نظر۔
اِلَيْكَ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔

فَاعْلَمْ	اَنَّهٗ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	وَاسْتَغْفِرْ ①
پس آپ جان لیجیے	کہ بیشک یہ (حقیقت ہے کہ)	کوئی معبود نہیں	اللہ کے سوا	اور بخشش مانگیے

لِذَنْۢبِكَ ②	وَ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الْمُؤْمِنٰتِ ؕ ③
اپنے گناہ کی	اور	مومن مردوں کے لیے	اور	مومن عورتوں (کے لیے بھی)

ع 2 8 6

وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ	مُتَقَلَّبَكُمْ ④	وَ	مَثْوٰىكُمْ ④ ع (19)
اور	اللہ	وہ جانتا ہے	تمہارے چلنے پھرنے (کو)	اور	تمہارے ٹھہرنے (کو)

وَ	يَقُوْلُ ⑤	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَوْلَا ⑥	نُزِّلَتْ ③⑦
اور	وہ کہتے ہیں	(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	کیوں نہیں	نازل کی گئی

سُوْرَةٌ ج ③⑧	فَاِذَآ	اُنْزِلَتْ ③⑦	سُوْرَةٌ ③⑧	مُّحْكَمَةٌ ③
کوئی سورت	پھر جب	نازل کی جائے	کوئی سورت	صاف مطلب والی

وَّذُكِرَ ⑦	فِيْهَا	الْقِتَالُ ۙ	رَاَيْتَ	الَّذِيْنَ
اور ذکر کیا گیا (ہو)	اس میں	قتال (جہاد) کا	(تو) آپ دیکھیں گے	(اُن لوگوں کو) جو

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	يَّنْظُرُوْنَ	اِلَيْكَ
اُن کے دلوں میں	بیماری (ہے)	(کہ) وہ سب دیکھ رہے ہوتے ہیں	آپ کی طرف

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ لیے ہوتا ہے اور کبھی کا، کی، کے بھی ہوتا ہے۔
③ اسم کے آخر میں ۃ، ات اور فعل کے آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ④ اسم کے آخر میں کُمْ کا ترجمہ تمہارا یا اپنا ہوتا ہے۔
⑤ یَقُوْلُ واحد مذکر کا فعل ہے سیاق وسباق کے مطابق ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔ ⑥ لَوْلَا کے بعد فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ اگر نہ
ہوتا ہے۔ ⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ⑧ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ | (جیسے) دیکھنا ہو (اس شخص کا) جس پر غشی طاری ہوگئی ہو

مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ﴿20﴾ | موت (کی وجہ) سے، پس بہت بہتر تھا ان کے لیے۔﴿20﴾

طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۣ | حکم ماننا اور اچھی بات کہنا

فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ | پھر جب پختہ ہو جائے (جہاد کا) حکم

فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ | تو اگر وہ سچے رہیں اللہ سے

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ﴿21﴾ فَهَلْ | (تو) یقیناً ان کے لیے بہتر ہو۔﴿21﴾ پھر یقیناً

عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ | تم سے (یہی) توقع ہے اگر تم حکمران بن جاؤ

اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ | یہ کہ تم فساد کرو زمین میں

وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿22﴾ | اور تم کاٹ ڈالو اپنی رشتے داریاں۔﴿22﴾

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ | یہی ہیں (وہ لوگ کہ) جن پر اللہ نے لعنت کی ہے

فَاَصَمَّهُمْ | پھر اس نے بہرا کر دیا انہیں

وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿23﴾ | اور اس نے اندھی کر دیں ان کی آنکھیں۔﴿23﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَظَرَ : نظر، منظر، نظارہ، منظورِ نظر۔ | خَيْرًا : خیر، خیریت، خیرخواہی، صدقہ وخیرات۔

الْمَغْشِيِّ : غشی طاری ہونا۔ | تَوَلَّيْتُمْ : والئ شہر، متولی مسجد۔

فَاَوْلٰى : بالا و لٰی، اعلیٰ و اَولیٰ، اوّلیت۔ | تُفْسِدُوْا : فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔

طَاعَةٌ : اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔ | الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

مَّعْرُوْفٌ : امر بالمعروف۔ | تُقَطِّعُوْٓا : قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔

عَزَمَ : عزم، عزائم، اولوالعزم۔ | اَرْحَامَكُمْ : صلہ رحمی، قطعہ رحمی، رحم مادر۔

الْاَمْرُ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔ | لَعَنَهُمُ : لعن طعن، لعنت، لعین، ملعون۔

صَدَقُوا : صداقت، صدقِ دل، صادق وامین۔ | اَبْصَارَهُمْ : سمع وبصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔

نَظَرَ	الْمَغْشِيِّ	عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ ؕ	فَاَوْلٰى ①
(جیسے) دیکھنا (ہو)	(اس شخص کا) غشی طاری ہوگئی ہو	اُس پر	موت سے	پس بہت بہتر (تھا)

لَهُمْ ⑳ ج	طَاعَةٌ	وَّ	قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ قف	فَاِذَا
ان کے لیے	حکم ماننا	اور	اچھی بات کہنا	پھر جب

عَزَمَ الْاَمْرُ قف ②	فَلَوْ ③	صَدَقُوا اللّٰهَ	لَكَانَ	خَيْرًا
پختہ ہوجائے (جہاد کا) حکم	تو اگر	وہ سب سچے رہیں اللہ سے	(تو) یقیناً ہو	بہتر

لَّهُمْ ㉑ ج	فَهَلْ ④	عَسَيْتُمْ	اِنْ	تَوَلَّيْتُمْ ⑤
ان کے لیے	پھر یقیناً	تم سے توقع ہے	اگر	تم حکمران بن جاؤ

اَنْ	تُفْسِدُوْا	فِي الْاَرْضِ	وَ	تُقَطِّعُوْٓا
یہ کہ	تم سب فساد کرو	زمین میں	اور	تم سب کاٹ ڈالو

اَرْحَامَكُمْ ㉒	اُولٰٓئِكَ ⑥	الَّذِيْنَ	لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ②
اپنی رشتے داریاں	وہی (لوگ ہیں)	(کہ) جو	لعنت کی ہے اُن پر اللہ نے

فَاَصَمَّهُمْ	وَ	اَعْمٰٓى	اَبْصَارَهُمْ ㉓
پھر اس نے بہرا کردیا انہیں	اور	اس نے اندھی کردیں	ان کی آنکھیں

ضروری وضاحت

① اَوْلٰى لَهُمْ کا ایک ترجمہ بربادی ہے اُن کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو تو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔④ هَلْ کا اصل ترجمہ کیا ہوتا ہے یہاں سیاق وسباق سے ترجمہ یقیناً کیا گیا ہے۔⑤ تَوَلَّيْتُمْ کا ایک ترجمہ تم منہ موڑلو بھی کیا جاتا ہے، اس فعل میں ت اور شد میں اہتمام سے کام کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ اُولٰٓئِكَ جمع مذکر ومؤنث کی علامت ہے، عموماً بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ	تو (بھلا) کیا وہ غور وفکر نہیں کرتے قرآن میں
اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿24﴾	یا (انکے) دلوں پر ان کے تالے (لگ گئے) ہیں۔ ﴿24﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ	بیشک جو (لوگ) اُلٹے پھر گئے اپنی پیٹھوں کے بل
مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ	اس کے بعد کہ ان کے لیے ہدایت واضح ہوگئی
الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ	شیطان نے مزیّن کردیا ان کے لیے (ان کا عمل)
وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿25﴾	اور اُن کو ڈھیل دے دی۔ ﴿25﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا	یہ اس وجہ سے کہ بے شک انہوں نے کہا
لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا	(اُن لوگوں) سے جنہوں نے ناپسند کیا
مَا نَزَّلَ اللّٰهُ	(اس قرآن کو) جو اللہ نے نازل کیا
سَنُطِيْعُكُمْ	(کہ) ہم عنقریب ضرور تمہارا کہا مانیں گے
فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ	بعض کاموں میں
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿26﴾	اور اللہ ان کے چھپانے کو جانتا ہے۔ ﴿26﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَتَدَبَّرُوْنَ : مدبر، تدبر، مدبر کائنات۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قُلُوْبٍ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
اَقْفَالُهَا : قفل، مقفل۔
ارْتَدُّوْا : رد، مردود، تردید، مرتد۔
اَدْبَارِهِمْ : دُبر، ادبار زمانہ۔
تَبَيَّنَ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔

الْهُدٰى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
كَرِهُوْا : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
نَزَّلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
سَنُطِيْعُكُمْ : اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔
الْاَمْرِ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اِسْرَارَهُمْ : اسرار و رموز، پراسرار، سرنہاں۔

اَفَلَا ①	يَتَدَبَّرُوْنَ ②	الْقُرْاٰنَ ③	اَمْ	عَلٰى قُلُوْبٍ
تو (بھلا) کیا نہیں	وہ سب غور وفکر کرتے	قرآن (میں)	یا	(انکے) دلوں پر

اَقْفَالُهَا ④ ﴿24﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	ارْتَدُّوْا	عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ
اُن کے تالے (یعنی دلوں کے تالے)	بیشک	جو (لوگ)	سب پھر گئے	اپنی پیٹھوں پر

مِّنْۢ بَعْدِ ⑤	مَا ⑤	تَبَيَّنَ ②	لَهُمُ	الْهُدَى ۙ
اس کے بعد	کہ	واضح ہوگئی	اُن کے لیے	ہدایت

الشَّيْطٰنُ	سَوَّلَ	لَهُمْ ط	وَ	اَمْلٰى ⑥	لَهُمْ ﴿25﴾
شیطان نے	مزین کردیا	اُن کے لیے (ان کا عمل)	اور	مہلت دی	ان کو

ذٰلِكَ ⑦	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْا	لِلَّذِيْنَ	كَرِهُوْا
یہ	(اس) وجہ سے کہ بیشک وہ سب	انہوں نے کہا	(اُن لوگوں) سے جن	سب نے ناپسند کیا

مَا	نَزَّلَ	اللّٰهُ ③	سَنُطِيْعُكُمْ ⑧
(اُس قرآن کو) جو	نازل کیا	اللہ نے	(کہ) عنقریب ضرور ہم کہا مانیں گے تمہارا

فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِسْرَارَهُمْ ﴿26﴾
بعض کاموں میں	اور اللہ	وہ جانتا ہے	ان کے چھپانے کو

ضروری وضاحت

① أ کے بعد وَ یا فَ میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ④ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔ ⑤ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی اور اس کے بعد مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ مراد لمبی عمر کا وعدہ دیا ہے۔ ⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کیا جاتا ہے۔ ⑧ سَ کا ترجمہ عنقریب ضرور ہوتا ہے۔

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ	تو کیا حال ہوگا جب فرشتے ان کی روح قبض کریں گے
يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿27﴾	وہ مارتے ہونگے انکے چہروں اور انکی پیٹھوں پر۔ ﴿27﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا	یہ اس لیے کہ بیشک انہوں نے پیروی کی
مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ	(اسکی) جس نے اللہ کو ناراض کیا
وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ	اور انہوں نے ناپسند کیا اس کی خوشنودی کو
فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿28﴾ ع	تو اس نے ضائع کر دیے ان کے اعمال۔ ﴿28﴾
اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ	کیا گمان کرلیا ہے (ان لوگوں نے) جن کے دلوں میں
مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ	بیماری ہے، کہ ہرگز نہیں
يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿29﴾	اللہ ظاہر کرے گا ان کے کینے۔ ﴿29﴾
وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ	اور اگر ہم چاہتے (تو) ضرور ہم آپکو دکھا دیتے وہ (منافقین)
فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ	پھر ضرور آپ پہچان لیتے انہیں انکی علامات سے
وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ	اور بلاشبہ ضرور آپ پہچان لیں گے انہیں

ع 3 9 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَكَيْفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
تَوَفَّتْهُمُ : فوت، وفات، متوفی۔
الْمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملائکہ۔
يَضْرِبُوْنَ : ضربِ کاری، مضروب۔
وُجُوْهَهُمْ : وجہ، متوجہ، توجہ، علٰی وجہ البصیرت۔
اَدْبَارَهُمْ : دُبر، ادبار زمانہ۔
اتَّبَعُوْا : اتباع، تابع، متبع سنت۔
مَآ : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔

كَرِهُوْا : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
رِضْوَانَهٗ : راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔
اَعْمَالَهُمْ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراضِ قلب، قلوب واذہان۔
يُّخْرِجَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
نَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
لَاَرَيْنٰكَهُمْ : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
فَلَعَرَفْتَهُمْ : عرف، معروف، تعارف، معرفت۔

فَكَيْفَ ①	اِذَا ②	تَوَفَّتْهُمُ ③	الْمَلٰٓئِكَةُ	يَضْرِبُوْنَ
تو کیا (حال ہوگا)	جب	روح قبض کریں گے ان کی	فرشتے	وہ سب مارتے ہونگے

وُجُوْهَهُمْ	وَاَدْبَارَهُمْ ﴿27﴾	ذٰلِكَ ④	بِاَنَّهُمُ	اتَّبَعُوْا
انکے چہروں	اور انکی پیٹھوں (پر)	یہ	اس وجہ سے کہ بیشک وہ سب	اُن سب نے پیروی کی

مَآ	اَسْخَطَ اللّٰهَ	وَ	كَرِهُوْا	رِضْوَانَهٗ
(اسکی) جس نے	ناراض کیا اللہ کو	اور	انہوں نے ناپسند کیا	اس کی خوشنودی (کو)

ع 3/9/7

فَاَحْبَطَ ①	اَعْمَالَهُمْ ﴿28﴾ ع	اَمْ ⑤	حَسِبَ	الَّذِيْنَ
تو اس نے ضائع کردیے	ان کے اعمال	کیا	گمان کرلیا ہے	(ان لوگوں نے) جو

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	اَنْ	لَّنْ ⑥	يُّخْرِجَ اللّٰهُ ⑦
اُن کے دلوں میں	بیماری (ہے)	کہ	ہرگز نہیں	اللہ ظاہر کرے گا

اَضْغَانَهُمْ ﴿29﴾	وَلَوْ ⑧	نَشَآءُ	لَاَرَيْنٰكَهُمْ
ان کے کینے	اور اگر	ہم چاہتے	(تو) ضرور ہم دکھا دیتے آپ کو وہ سب (منافق)

فَلَعَرَفْتَهُمْ ①	بِسِيْمٰهُمْ ط	وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ
پھر ضرور آپ پہچان لیتے انہیں	انکی علامات سے	اور بلاشبہ ضرور آپ پہچان لیں گے انہیں

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ کبھی پس کبھی تو کبھی پھر اور کبھی سو کیا جاتا ہے۔② اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔③ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کیا جاتا ہے۔⑤ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔⑥ علامت لَنْ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔⑦ یہاں یُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش کیا جاتا ہے۔

فِیۡ لَحۡنِ الۡقَوۡلِ ؕ	(انکے) اندازِ گفتگو سے
وَاللّٰہُ یَعۡلَمُ اَعۡمَالَکُمۡ ﴿30﴾	اور اللہ تمہارے اعمال جانتا ہے۔ ﴿30﴾
وَلَنَبۡلُوَنَّکُمۡ حَتّٰی	اور بلاشبہ ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں یہاں تک کہ
نَعۡلَمَ الۡمُجٰهِدِیۡنَ مِنۡکُمۡ	ہم جان لیں تم میں سے جہاد کرنے والوں کو
وَالصّٰبِرِیۡنَ ۙ	اور صبر کرنے والوں کو
وَنَبۡلُوَا۠ اَخۡبَارَکُمۡ ﴿31﴾	اور ہم جانچ لیں تمہارے حالات۔ ﴿31﴾
اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا	بیشک (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا اور انہوں نے روکا
عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَشَآقُّوا الرَّسُوۡلَ	اللہ کی راہ سے اور رسول کی مخالفت کی
مِنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُمُ الۡهُدٰی ۙ	اس کے بعد کہ ان کے لیے ہدایت واضح ہوگئی
لَنۡ یَّضُرُّوا اللّٰہَ شَیۡئًا ؕ	ہرگز نہیں وہ بگاڑ سکیں گے اللہ کا کچھ بھی
وَسَیُحۡبِطُ اَعۡمَالَهُمۡ ﴿32﴾	اور وہ عنقریب ضرور ضائع کردے گا انکے اعمال۔ ﴿32﴾
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِیۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الصّٰبِرِیۡنَ	: صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔
لَحۡنِ	: خوش الحان، لحن داؤدی۔	اَخۡبَارَ	: خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
الۡقَوۡلِ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	کَفَرُوۡا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
یَعۡلَمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	سَبِیۡلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
اَعۡمَالَکُمۡ	: عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	تَبَیَّنَ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَنَبۡلُوَنَّکُمۡ	: بلا، ابتلا و آزمائش، مبتلا۔	یَّضُرُّوا	: مضر صحت، ضرر رساں۔
حَتّٰی	: حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔	شَیۡئًا	: شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
الۡمُجٰهِدِیۡنَ	: جہاد، مجاہد، مجاہدین اسلام، جد و جہد۔	اٰمَنُوۡۤا	: امن، ایمان، مومن۔

فِیْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ	وَ	اللّٰهُ	یَعْلَمُ	اَعْمَالَكُمْ ﴿30﴾	وَ
اندازِ گفتگو میں	اور	اللہ	وہ جانتا ہے	تمہارے اعمال	اور

لَنَبْلُوَنَّكُمْ ①	حَتّٰى	نَعْلَمَ	الْمُجٰهِدِیْنَ ②
بلاشبہ ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں	یہاں تک کہ	ہم جان لیں	جہاد کرنے والوں کو

مِنْكُمْ	وَ	الصّٰبِرِیْنَ ۙ	وَ	نَبْلُوَاْ	اَخْبَارَكُمْ ﴿31﴾	اِنَّ ③
تم میں سے	اور	صبر کرنے والوں کو	اور	ہم جانچ لیں	تمہارے حالات	بیشک

الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	وَ	صَدُّوْا	عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ
(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور	انہوں نے روکا	اللہ کی راہ سے

وَشَآقُّوا	الرَّسُوْلَ ④	مِنْۢ بَعْدِ مَا ⑤	تَبَیَّنَ ⑥	لَهُمُ ⑦
اور انہوں نے مخالفت کی	رسول کی	(اس کے) بعد کہ	واضح ہوگئی	اُن کے لیے

الْهُدٰى ۙ	لَنْ	یَّضُرُّوا اللّٰهَ ④	شَیْـًٔا ؕ	وَ	سَیُحْبِطُ
ہدایت	ہرگز نہیں	وہ سب بگاڑ سکیں گے اللہ کا	کچھ بھی	اور	عنقریب ضرور وہ ضائع کردیگا

اَعْمَالَهُمْ ﴿32﴾	یٰۤاَیُّهَا ⑧	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْۤا
اُن کے اعمال	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

ضروری وضاحت

① علامت لَ اور نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ اِنَّ تاکید کی علامت ہے۔ ④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑤ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، اور لفظ بَعْدِ کے بعد مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑦ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔ ⑧ یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ	اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو
وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴿33﴾	اور اپنے اعمال باطل مت کرو۔ ﴿33﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بے شک (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور انہوں نے روکا اللہ کی راہ سے
ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ	پھر وہ مر گئے اس حال میں (کہ) وہ کافر تھے
فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿34﴾	تو اللہ ان کو ہرگز نہیں بخشے گا۔ ﴿34﴾
فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ	پس تم کمزور مت بنو اور (نہ) صلح کی طرف بلاؤ
وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ	اور تم ہی بلند (غالب) ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے
وَلَنْ يَّتِرَكُمْ	اور ہرگز نہیں وہ کم کرے گا تمہیں
اَعْمَالَكُمْ ﴿35﴾ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	تمہارے اعمال (کے اجر) کو۔ ﴿35﴾ بیشک دنیوی زندگی تو محض
لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا	ایک کھیل اور تماشا ہے، اور اگر تم ایمان لاؤ
وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ	اور تقویٰ اختیار کرو تو وہ (اللہ) دے گا تمہیں تمہارے اجر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَطِيْعُوْا	اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔	السَّلْمِ	اسلام، سلام، سلامتی، مسلمان۔
تُبْطِلُوْٓا	حق و باطل، ادیان باطلہ، زعم باطل۔	الْاَعْلَوْنَ	اعلیٰ و ارفع، عالی مرتبت، عالی شان۔
اَعْمَالَكُمْ	عمل، اعمال صالحہ، معمول۔	مَعَكُمْ	مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	الْحَيٰوةُ	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
سَبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	لَعِبٌ، لَهْوٌ	لہو ولعب۔
مَاتُوْا	موت وحیات، حیاتی مماتی۔	تُؤْمِنُوْا	امن، ایمان، مومن۔
يَّغْفِرَ	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	تَتَّقُوْا	تقویٰ، متقی۔
تَدْعُوْٓا	دعا، داعی، مدعو، دعوت۔	اُجُوْرَكُمْ	اجر و ثواب، اجر عظیم، اجرت۔

اَطِيْعُوا اللّٰهَ ①	وَ	اَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ ①	وَ	لَا تُبْطِلُوْٓا ②
تم سب اللہ کی اطاعت کرو	اور	تم سب اطاعت کرو	رسول کی	اور	مت تم سب باطل کرو

اَعْمَالَكُمْ ③ (33)	اِنَّ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اپنے اعمال	بیشک (وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور انہوں نے روکا	اللہ کی راہ سے

ثُمَّ	مَاتُوْا	وَهُمْ	كُفَّارٌ	فَلَنْ ④	يَّغْفِرَ اللّٰهُ ⑤	لَهُمْ (34)
پھر	وہ سب مر گئے	اس حال میں کہ وہ	کافر (تھے)	تو ہرگز نہیں	اللہ بخشے گا	ان کو

فَلَا تَهِنُوْا ②	وَتَدْعُوْٓا	اِلَى السَّلْمِ ۖ	وَ	اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ⑥ ۖ
پس مت تم سب کمزور بنو	اور (نہ) تم سب بلاؤ	صلح کی طرف	اور	تم ہی سب بلند (غالب) ہو

وَاللّٰهُ	مَعَكُمْ	وَلَنْ ④	يَّتِرَكُمْ ③	اَعْمَالَكُمْ ③ (35)
اور اللہ	تمہارے ساتھ ہے	اور ہرگز نہیں	وہ کم کرے گا تمہیں	تمہارے اعمال

اِنَّمَا ⑦	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّلَهْوٌ ط	وَاِنْ
بیشک محض	دُنیوی زندگی	(تو) ایک کھیل	اور تماشا (ہے)	اور اگر

تُؤْمِنُوْا	وَ	تَتَّقُوْا	يُؤْتِكُمْ ③	اُجُوْرَكُمْ ③
تم سب ایمان لاؤ	اور	تم سب تقویٰ اختیار کرو	(تو) وہ دے گا تمہیں	تمہارے اجر

ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، اپنا اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ④ علامت لَنْ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔ ⑤ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ اَنْتُمْ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو وہ زائد ہوتا ہے، البتہ اُس میں صرف یا محض کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَلَا يَسۡـَٔلۡكُمۡ اَمۡوَالَكُمۡ ﴿36﴾	اور نہیں وہ مانگے گا تم سے تمہارے (تمام) مال۔ ﴿36﴾
اِنۡ يَّسۡـَٔلۡكُمُوۡهَا	اگر (اللہ) مطالبہ کرے تم سے ان کا (یعنی سارے مال کا)
فَيُحۡفِكُمۡ تَبۡخَلُوۡا	پھر وہ اصرار کرے تم سے (تو) تم بخیلی کروگے
وَيُخۡرِجۡ اَضۡغَانَكُمۡ ﴿37﴾	اور وہ ظاہر کردے گا تمہارے کینے۔ ﴿37﴾
هٰۤاَنۡتُمۡ هٰۤؤُلَآءِ تُدۡعَوۡنَ	سنو! تم وہ لوگ ہو (کہ) تم بلائے جاتے ہو
لِتُنۡفِقُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ۚ	تاکہ تم خرچ کرو اللہ کی راہ میں
فَمِنۡكُمۡ مَّنۡ يَّبۡخَلُ ۚ	تو تم میں سے (کچھ ہیں) جو بخل کرتے ہیں
وَمَنۡ يَّبۡخَلۡ فَاِنَّمَا يَبۡخَلُ	اور جو بخل کرتا ہے تو بیشک صرف وہ بخل کرتا ہے
عَنۡ نَّفۡسِهٖ ؕ وَاللّٰهُ الۡغَنِىُّ	اپنے نفس سے، اور اللہ ہی بے پرواہ ہے
وَاَنۡتُمُ الۡفُقَرَآءُ ۚ وَاِنۡ تَتَوَلَّوۡا	اور تم ہی محتاج ہو اور اگر تم پھر جاؤ گے
يَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ ۙ	تو وہ بدل لائے گا تمہارے سوا (دوسری) قوم کو
ثُمَّ لَا يَكُوۡنُوۡۤا اَمۡثَالَكُمۡ ﴿38﴾ ع	پھر وہ نہیں ہونگے تمہاری طرح۔ ﴿38﴾ ع 10 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَسۡـَٔلۡكُمۡ : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔
اَمۡوَالَكُمۡ : مال ودولت، مال وجان، مالی خسارہ۔
تَبۡخَلُوۡا، يَّبۡخَلُ : بخل، بخیل۔
يُخۡرِجۡ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
تُدۡعَوۡنَ : دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
لِتُنۡفِقُوۡا : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
سَبِيۡلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔

فَمِنۡكُمۡ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
نَّفۡسِهٖ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
الۡغَنِىُّ : غنی، مستغنی، اغنیاء۔
الۡفُقَرَآءُ : فقروفاقہ، فقیر، فقراومساکین۔
يَسۡتَبۡدِلۡ : تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
قَوۡمًا : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
غَيۡرَكُمۡ : دیارغیر، غیر اللہ، اغیار۔
اَمۡثَالَكُمۡ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔

وَ	لَا يَسْـَٔلْكُمْ	اَمْوَالَكُمْ ﴿36﴾	اِنْ	يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا ①
اور	نہیں وہ مانگے گا تم سے	تمہارے مال	اگر	وہ مطالبہ کرے تم سے ان کا

فَيُحْفِكُمْ	تَبْخَلُوْا	وَيُخْرِجْ	اَضْغَانَكُمْ ﴿37﴾
پھر وہ اصرار کرے تم سے	(تو) تم سب بخیلی کروگے	اور وہ ظاہر کردے گا	تمہارے کینے

هٰٓاَنْتُمْ ②	هٰٓؤُلَآءِ ③	تُدْعَوْنَ ④	لِتُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ج
سنو! تم	وہ (لوگ ہو کہ)	تم سب بلائے جاتے ہو	تا کہ تم سب خرچ کرو	اللہ کی راہ میں

فَمِنْكُمْ	مَّنْ	يَّبْخَلُ ج	وَمَنْ	يَّبْخَلْ	فَاِنَّمَا ⑤
توتم میں سے	(کچھ ہیں) جو	وہ بخل کرتے ہیں	اور جو	وہ بخل کرتا ہے	تو بیشک صرف

يَبْخَلُ	عَنْ نَّفْسِهٖ ط	وَاللّٰهُ	الْغَنِيُّ	وَ	اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ج ⑥
وہ بخل کرتا ہے	اپنے نفس سے	اور اللہ (ہی)	بے پروا (ہے)	اور	تم ہی محتاج ہو

وَ	اِنْ	تَتَوَلَّوْا ⑦	يَسْتَبْدِلْ	قَوْمًا
اور	اگر	تم سب پھر جاؤ گے	تو وہ بدل لائے گا	(دوسری) قوم (کو)

غَيْرَكُمْ لا	ثُمَّ	لَا يَكُوْنُوْٓا	اَمْثَالَكُمْ ﴿38﴾ ع
تمہارے سوا	پھر	نہیں وہ سب ہوں گے	تمہاری طرح

ع 4 10 8

ضروری وضاحت

① كُمْ کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو درمیان میں وُ کا اضافہ کرتے ہیں۔② هَا حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو کیا جاتا ہے۔③ هٰٓؤُلَآءِ کا اصل ترجمہ یہ لوگ ہے، ضرورتاً ترجمہ وہ لوگ کیا گیا ہے۔④ یہ دراصل تُدْعَوُوْنَ تھا علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اِنَّ کے ساتھ مَا میں صرف یا محض یا ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اَنْتُمْ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

اٰیَاتُھَا 29 | 48 سُوْرَۃُ الْفَتْحِ مَدَنِیَّۃٌ 111 | رُکُوْعَاتُھَا 4

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ﴿1﴾	بے شک ہم نے آپ کو فتح دی ایک واضح فتح ۔ ﴿1﴾
لِّیَغْفِرَ لَكَ اللّٰہُ	تا کہ اللہ بخش دے آپ کو
مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ	آپ کا (وہ) گناہ جو پہلے ہوا اور جو پیچھے ہوا
وَیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ	اور (تا کہ) وہ پوری کردے آپ پر اپنی نعمت
وَیَهْدِیَكَ	اور (تا کہ) وہ ہدایت دے آپ کو
صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ﴿2﴾	سیدھے راستے کی ۔ ﴿2﴾
وَّیَنْصُرَكَ اللّٰہُ نَصْرًا عَزِیْزًا ﴿3﴾	اور (تا کہ) اللہ مدد کرے آپکی زبردست مدد ۔ ﴿3﴾
هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ السَّكِیْنَةَ	(اللہ) وہ ہے جس نے سکینت نازل کی
فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ	مومنوں کے دلوں میں
لِیَزْدَادُوْٓا اِیْمَانًا	تا کہ وہ زیادہ ہوجائیں ایمان میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَحْنَا، فَتْحًا : افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔	صِرَاطًا : صراط مستقیم، پل صراط۔
مُّبِیْنًا : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر، فتح مبین۔	مُّسْتَقِیْمًا : صراط مستقیم، استقامت، خطِ مستقیم۔
لِّیَغْفِرَ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	یَنْصُرَكَ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
تَقَدَّمَ : قدم، مقدمہ الجیش، تقدیم، مقدم۔	اَنْزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
تَاَخَّرَ : مؤخر، تاخیر، آخری۔	السَّكِیْنَةَ : سکون، سکینت۔
یُتِمَّ : اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر۔	قُلُوْبِ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
نِعْمَتَهٗ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	الْمُؤْمِنِیْنَ : امن، ایمان، مومن۔
یَهْدِیَكَ : ہدایت، ہادی برحق، ہادی کائنات۔	لِیَزْدَادُوْٓا : زیادہ، مزید، زائد۔

اٰیَاتُھَا 29	48 سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِیَّةٌ 111	رُکُوْعَاتُھَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّا فَتَحْنَا ①	لَكَ ②	فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿1﴾ لا	لِّيَغْفِرَ ③	لَكَ اللّٰهُ ②
بے شک ہم نے فتح دی	آپ کو	ایک واضح فتح	تا کہ بخش دے	اللہ آپ کو

مَا	تَقَدَّمَ	مِنْ ذَنْۢبِكَ	وَ	مَا	تَاَخَّرَ	وَ
جو	پہلے ہوا	آپ کے گناہ سے	اور	جو	پیچھے ہوا	اور

يُتِمَّ	نِعْمَتَهٗ ④	عَلَيْكَ	وَ	يَهْدِيَكَ
(تا کہ) وہ پوری کردے	اپنی نعمت	آپ پر	اور	(تا کہ) وہ ہدایت دے آپ کو

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿2﴾ لا	وَّ	يَنْصُرَكَ اللّٰهُ
سیدھے راستے (کی)	اور	(تا کہ) اللہ مدد کرے آپ کی

نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿3﴾	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ ⑤	السَّكِيْنَةَ ⑥
زبردست مدد	(اللہ) وہ (ہے)	جس نے	نازل کی	سکینت

فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ	لِيَزْدَادُوْٓا ⑦	اِيْمَانًا
مومنوں کے دلوں میں	تا کہ وہ سب زیادہ ہوجائیں	ایمان (میں)

ضروری وضاحت

①اِنَّا کے نَا اور فَتَحْنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔② لَكَ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔③ یہاں یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔④اسم کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔⑤ اَنْزَلَ کے شروع میں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کیلئے ہے مثلاً: خَرَجَ: نکلا، اَخْرَجَ: نکالا۔⑥ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ	اپنے ایمان کے ساتھ
وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے لیے ہیں
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿4﴾	اور اللہ خوب جاننے والا بہت حکمت والا ہے۔ ﴿4﴾
لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ	تاکہ وہ داخل کرے مومن مردوں
وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ	اور مومن عورتوں کو (ایسے) باغات میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	(کہ) چلتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا	ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں
وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ	اور (تاکہ) وہ دور کردے ان سے ان کی برائیاں
وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿5﴾	اور یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی کامیابی ہے۔ ﴿5﴾
وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ	اور (تاکہ) وہ سزا دے منافق مردوں اور منافق عورتوں کو
وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ	اور مشرک مردوں اور مشرکہ عورتوں کو
الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ	(جو) گمان کرنے والے ہیں اللہ کے بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّعَ : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔
السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
لِّيُدْخِلَ : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔
سَيِّاٰتِهِمْ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
فَوْزًا : فوز وفلاح، عہدے پر فائز ہونا۔
عَظِيْمًا : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
يُعَذِّبَ : عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔
الْمُنٰفِقِيْنَ : منافق، نفاق، رئیس المنافقین۔
الْمُشْرِكِيْنَ : شرک، شریک، شراکت، مشرک۔
الظَّآنِّيْنَ : ظن، بدظن، ظن غالب، حسن ظن۔

مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ① ط	وَ لِلّٰهِ	جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ ②	وَالْاَرْضِ ط	وَ
اپنے ایمان کے ساتھ	اور اللہ ہی کے لیے (ہیں)	آسمانوں کے لشکر	اور زمین (کے)	اور

كَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا ③	حَكِيْمًا ③ لا ﴿4﴾	لِّيُدْخِلَ ④	الْمُؤْمِنِيْنَ
ہے	اللہ	خوب جاننے والا	بہت حکمت والا	تاکہ وہ داخل کرے	مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ ②	جَنّٰتٍ ②	تَجْرِيْ ②	مِنْ تَحْتِهَا ⑤	الْاَنْهٰرُ
اور مومن عورتوں کو	(ایسے) باغات (میں کہ)	چلتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ⑤	وَ	يُكَفِّرَ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ ② ط
ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	ان میں	اور	(تاکہ) وہ دور کردے	اُن سے	اُن کی برائیاں

وَ	كَانَ	ذٰلِكَ ⑥	عِنْدَ اللّٰهِ	فَوْزًا عَظِيْمًا لا ﴿5﴾
اور	ہے	یہ	اللہ کے نزدیک	بہت بڑی کامیابی (ہے)

وَّ	يُعَذِّبَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَ	الْمُنٰفِقٰتِ ②
اور	(تاکہ) وہ سزا دے	منافق مردوں	اور	منافق عورتوں (کو)

وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ ②	الظَّآنِّيْنَ	بِاللّٰهِ ⑦
اور مشرک مردوں	اور مشرکہ عورتوں کو	(جو) سب گمان کرنے والے (ہیں)	اللہ کے بارے میں

ضروری وضاحت

① اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔② ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔⑤ ھا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے۔ ⑥ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً ترجمہ یہ کیا گیا ہے اور اس کا استعمال عموماً بات میں زور ڈالنے کیلئے ہوتا ہے۔⑦ یہاں بِ کا ترجمہ کے بارے میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔

ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ	برا گمان، انہی پر بُری گردش ہے
وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ	اور اللہ غصے ہوا ان پر اور اُس نے لعنت کی اُن پر
وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ	اور اس نے تیار کی ان کے لیے جہنم
وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿6﴾	اور وہ بری ہے لوٹنے کی جگہ۔ ﴿6﴾
وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کے لشکر ہیں
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿7﴾	اور اللہ نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ﴿7﴾
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا	بے شک ہم نے آپ کو بھیجا ہے گواہی دینے والا
وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿8﴾	اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا (بنا کر)۔ ﴿8﴾
لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	تا کہ تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اسکے رسول (پر)
وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ	اور (تا کہ) تم مدد کرو اس کی اور تم تعظیم کرو اس کی
وَتُسَبِّحُوْهُ	اور (تا کہ) تم پاکی بیان کرو اس (اللہ) کی
بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿9﴾	صبح و شام۔ ﴿9﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظَنَّ	:	ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
السَّوْءِ	:	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
عَلَيْهِمْ	:	علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
دَآئِرَةُ	:	دائرہ، دور، دورہ۔
غَضِبَ	:	غیظ و غضب، غضبناک۔
لَعَنَهُمْ	:	لعن طعن، لعنت، لعین، ملعون۔
اَعَدَّ	:	مستعد۔
السَّمٰوٰتِ	:	ارض و سما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
الْاَرْضِ	:	ارض و سما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔
اَرْسَلْنٰكَ	:	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
شَاهِدًا	:	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
مُبَشِّرًا	:	بشارت، مبشر، بشیر۔
نَذِيْرًا	:	بشارت و انذار، بشیر و نذیر۔
لِّتُؤْمِنُوْا	:	امن، ایمان، مومن۔
تُوَقِّرُوْهُ	:	تعظیم و توقیر، عزت و وقار۔
تُسَبِّحُوْهُ	:	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔

ظَنَّ السَّوْءِ ؕ	عَلَيْهِمْ	دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ ①	وَ	غَضِبَ اللّٰهُ ②
بُرا گمان	اُن پر	بُرائی کی گردش (ہے)	اور	اللہ غصے ہوا

عَلَيْهِمْ	وَ	لَعَنَهُمْ	وَ	اَعَدَّ	لَهُمْ ③	جَهَنَّمَ ؕ
ان پر	اور	اُس نے لعنت کی اُن پر	اور	اس نے تیار کی	ان کے لیے	جہنم

وَسَآءَتْ ①	مَصِيْرًا ﴿6﴾	وَلِلّٰهِ	جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ ①	وَالْاَرْضِ ؕ
اور وہ بری ہے	لوٹنے کی جگہ	اور اللہ (ہی) کیلئے	آسمانوں کے لشکر	اور زمین (کے لشکر ہیں)

وَ	كَانَ اللّٰهُ ④	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا ﴿7﴾	اِنَّآ ⑤
اور	اللہ ہے	نہایت غالب	بہت حکمت والا	بے شک ہم نے

اَرْسَلْنٰكَ	شَاهِدًا	وَّمُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا ۙ ﴿8﴾
ہم نے بھیجا ہے آپ کو	گواہی دینے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا (بنا کر)

لِّتُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	وَ	تُعَزِّرُوْهُ ⑥⑦
تا کہ تم سب ایمان لاؤ	اللہ پر	اور	اسکے رسول (پر)	اور	(تا کہ) تم سب مدد کرو اس کی

وَ	تُوَقِّرُوْهُ ؕ ⑥⑦	وَ	تُسَبِّحُوْهُ ⑥⑦	بُكْرَةً ①	وَّاَصِيْلًا ﴿9﴾
اور	تم سب تعظیم کرو اسکی	اور	(تا کہ) تم سب پاکی بیان کرو اسکی	صبح	اور شام

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ۃ ، ات اور فعل کے آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوجاتا ہے۔④ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کیلئے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑥ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔⑦ یہ دراصل هٗ تھا، اس سے پہلے جزم ہونے کی وجہ سے اسے هُ کیا گیا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ	بے شک (وہ لوگ) جو بیعت کرتے ہیں آپ سے
اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ	بے شک وہ صرف اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں
يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ	اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے
فَمَنْ نَّكَثَ	پھر جس نے عہد توڑا
فَاِنَّمَا يَنْكُثُ	تو بے شک صرف وہ عہد توڑتا ہے
عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ	اپنی ہی جان کے خلاف
وَمَنْ اَوْفٰى	اور جس نے پورا کیا
بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ	(اس بات) کو جس پر اس نے عہد کیا اللہ سے
فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿10﴾ ع 10/9	تو عنقریب ضرور وہ دے گا اسے بڑا اجر۔ ﴿10﴾
سَيَقُوْلُ لَكَ	عنقریب ضرور کہیں گے آپ سے
الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ	دیہاتیوں میں سے پیچھے چھوڑ دیے جانے والے
شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا	(کہ) ہمیں مشغول کر دیا ہمارے مالوں نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُبَايِعُوْنَكَ : بیعت، بیعت عقبہ، بیعت رضوان۔
يَدُ، اَيْدِيْهِمْ : ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
فَوْقَ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
نَفْسِهٖ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
اَوْفٰى : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
عٰهَدَ : عہد، ایفائے عہد، نقض عہد۔

اَجْرًا : اجر، اجرت، عنداللہ ماجور ہوں۔
عَظِيْمًا : عظمت، اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
سَيَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الْمُخَلَّفُوْنَ : خلیفہ، خلافت، ناخلف۔
مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
شَغَلَتْنَآ : شغل، مشغول، مشغلہ۔
اَمْوَالُنَا : مال، اموال، مال ودولت۔

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُبَايِعُوْنَكَ	اِنَّمَا ①
بے شک	(وہ لوگ) جو	وہ سب بیعت کرتے ہیں آپ سے	بے شک صرف

يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ط ②	يَدُ اللّٰهِ	فَوْقَ
وہ سب اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں	اللہ کا ہاتھ	اوپر (ہے)

اَيْدِيْهِمْ ج	فَمَنْ	نَّكَثَ	فَاِنَّمَا ①	يَنْكُثُ
اُن کے ہاتھوں کے	پھر جس نے	عہد توڑا	تو بے شک صرف	وہ عہد توڑتا ہے

عَلٰى نَفْسِهٖ ج	وَ	مَنْ	اَوْفٰى	بِمَا ③
اپنی جان پر (یعنی اپنی جان کے خلاف)	اور	جس نے	پورا کیا	(اس بات) کو جو

ع 10 (1 / 9)

عٰهَدَ	عَلَيْهُ اللّٰهَ ④	فَسَيُؤْتِيْهِ ⑤	اَجْرًا	عَظِيْمًا ع ⑩
اس نے عہد کیا	اُس پر اللہ سے	تو عنقریب ضرور وہ دے گا اُسے	اجر	بہت بڑا

سَيَقُوْلُ ⑤⑥	لَكَ	الْمُخَلَّفُوْنَ
عنقریب ضرور وہ کہیں گے	آپ سے	سب پیچھے چھوڑ دیے جانے والے

مِنَ الْاَعْرَابِ	شَغَلَتْنَآ ⑦	اَمْوَالُنَا
دیہاتیوں میں سے	(کہ) مشغول کر دیا ہمیں	ہمارے مالوں نے

ضروری وضاحت

① اِنَّ کے ساتھ مَا میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔ ④ روٹین میں عَلَيْهِ اللّٰهَ ہونا چاہیے لیکن قرآنی قراءت میں اس طرح ہی موجود ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔ ⑦ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہوتی ہے، کبھی جمع کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے۔

وَاَهْلُوْنَا	اور ہمارے اہل وعیال نے
فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ	پس آپ ہمارے لیے بخشش طلب کریں
يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ	وہ کہتے ہیں اپنی زبانوں سے
مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ	(وہ بات) جو ان کے دلوں میں نہیں
قُلْ فَمَنْ	آپ کہہ دیجیے پھر کون ہے (جو)
يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا	اللہ سے اختیار رکھتا ہو تمہارے لیے کسی چیز کا
اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا	اگر وہ ارادہ کرے تمہارے ساتھ کسی نقصان کا
اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ	یا وہ ارادہ کرے تمہارے ساتھ کسی فائدے کا
بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بلکہ اللہ ہے (اس) سے جو تم عمل کرتے ہو
خَبِيْرًا ﴿11﴾	خوب خبردار۔ ﴿11﴾
بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ	بلکہ تم نے سمجھا کہ ہرگز نہیں واپس آئیں گے
الرَّسُوْلُ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ	رسول اور ایمان والے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَهْلُوْنَا : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
فَاسْتَغْفِرْ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
يَقُوْلُوْنَ، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
بِاَلْسِنَتِهِمْ : لسان، لسانی تعصب، لسانیات، فصیح اللسان۔
قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراضِ قلب، قلوب واذہان۔
يَمْلِكُ : مالک، ملکیت، املاک، مُلک وملت۔
شَيْـًٔا : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
اَرَادَ : ارادہ، مرید، مراد۔

ضَرًّا : مضرِ صحت، ضرر رساں۔
نَفْعًا : نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
بَلْ : بلکہ۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
خَبِيْرًا : خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
ظَنَنْتُمْ : ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔
يَّنْقَلِبَ : انقلاب۔
الْمُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔

وَ	اَهۡلُوۡنَا ①	فَاسۡتَغۡفِرۡ ②	لَنَا ج	يَقُوۡلُوۡنَ
اور	ہمارے گھر والوں نے	پس آپ بخشش طلب کریں	ہمارے لیے	وہ سب کہتے ہیں

بِاَلۡسِنَتِهِمۡ ③	مَّا	لَيۡسَ	فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ ③ ط
اپنی زبانوں سے (وہ بات)	جو	نہیں	اُن کے دلوں میں

قُلۡ ④	فَمَنۡ	يَّمۡلِكُ	لَكُمۡ	مِّنَ اللّٰهِ
آپ کہہ دیجیے	پھر کون (ہے جو)	وہ اختیار رکھتا ہو	تمہارے لیے	اللہ سے

شَيۡـًٔا ⑤	اِنۡ	اَرَادَ	بِكُمۡ	ضَرًّا ⑤	اَوۡ
کسی چیز (کا)	اگر	وہ ارادہ کرے	تمہارے ساتھ	کسی نقصان (کا)	یا

اَرَادَ	بِكُمۡ	نَفۡعًا ⑤ ط	بَلۡ	كَانَ	اللّٰهُ	بِمَا
وہ ارادہ کرے	تمہارے ساتھ	کسی فائدے (کا)	بلکہ	ہے	اللہ	(اس) سے جو

تَعۡمَلُوۡنَ	خَبِيۡرًا ⑥ (11)	بَلۡ	ظَنَنۡتُمۡ	اَنۡ
تم سب عمل کرتے ہو	خوب خبردار	بلکہ	تم نے سمجھا	کہ

لَّنۡ ⑦	يَّنۡقَلِبَ ⑧	الرَّسُوۡلُ	وَ	الۡمُؤۡمِنُوۡنَ
ہرگز نہیں	وہ واپس آئیں گے	رسول	اور	سب ایمان لانے والے

ضروری وضاحت

①یہ دراصل اَهۡلُوۡنَنَا تھا، گرامر کے اصول کے مطابق پہلا نون گرا ہوا ہے۔②فعل کے شروع میں اِسۡتَ میں طلب کا مفہوم ہوتا ہے۔③اسم کے آخر میں هُمۡ یا هِمۡ کا ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ قُلۡ قَوۡلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرا دیا گیا ہے۔⑤ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥فَعِيۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہے۔⑦علامت لَنۡ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔⑧یہ فعل واحد ہے ضرورتاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔

اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا	اپنے گھر والوں کی طرف کبھی بھی
وَّ زُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ	اور یہ (بات) خوشنما بنادی گئی تمہارے دلوں میں
وَ ظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ	اور تم نے گمان کیا برا گمان
وَ كُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا ﴿12﴾	اور تھے تم ہلاک ہونے والے لوگ۔ ﴿12﴾
وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ	اور جو شخص ایمان نہ لایا اللہ اور اسکے رسول پر
فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا	تو بے شک ہم نے تیار کر رکھی ہے
لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿13﴾	کافروں کے لیے خوب بھڑکتی آگ۔ ﴿13﴾
وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۭ	اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی
يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ	وہ بخشتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے
وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۭ	اور وہ عذاب دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے
وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿14﴾	اور اللہ بہت بخشنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے۔ ﴿14﴾
سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ	عنقریب ضرور کہیں گے پیچھے چھوڑ دیے جانے والے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰٓى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	لِلْكٰفِرِيْنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اَهْلِيْهِمْ	اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔	مُلْكُ	ملک، ملوکیت، مملکت، ملکی حالات۔
اَبَدًا	ابدالآباد، ابد سے ازل تک، ابدی نیند۔	السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
زُيِّنَ	مزین، تزئین وآرائش، زینت۔	الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
قُلُوْبِكُمْ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	يَغْفِرُ، غَفُوْرًا	مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
ظَنَنْتُمْ	ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔	يَّشَآءُ	ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
السَّوْءِ	علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔	يُعَذِّبُ	عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔
اَعْتَدْنَا	مستعد، اعداد وترتیب۔	الْمُخَلَّفُوْنَ	خلیفہ، خلافت، ناخلف۔

اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ ①	اَبَدًا	وَّ	زُيِّنَ ②	ذٰلِكَ ③
اپنے گھروالوں کی طرف	کبھی بھی	اور	خوشنما بنادی گئی	یہ (بات)

فِىْ قُلُوْبِكُمْ	وَ	ظَنَنْتُمْ	ظَنَّ السَّوْءِ ۚ	وَكُنْتُمْ
تمہارے دلوں میں	اور	تم نے گمان کیا	بُرا گمان	اور تھے تم

قَوْمًا بُوْرًا ﴿12﴾	وَمَنْ	لَّمْ يُؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	وَ رَسُوْلِهٖ
ہلاک ہونے والے لوگ	اور جو شخص	نہ وہ ایمان لایا	اللہ پر	اور اسکے رسول پر

فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا ④	لِلْكٰفِرِيْنَ	سَعِيْرًا ⑤ ﴿13﴾	وَلِلّٰهِ
تو بیشک ہم نے تیار کر رکھی ہے	کافروں کے لیے	خوب بھڑکتی آگ	اور اللہ ہی کیلئے (ہے)

مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ۭ	يَغْفِرُ	لِمَنْ ⑥
بادشاہی	آسمانوں (کی)	اور زمین (کی)	وہ بخشتا ہے	جس کو

يَّشَآءُ	وَيُعَذِّبُ	مَنْ	يَّشَآءُ ۭ	وَكَانَ	اللّٰهُ
وہ چاہتا ہے	اور وہ عذاب دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور ہے	اللہ

غَفُوْرًا ⑤	رَّحِيْمًا ⑤ ﴿14﴾	سَيَقُوْلُ ⑦	الْمُخَلَّفُوْنَ ⑧
بہت بخشنے والا	بڑا رحم کرنے والا	عنقریب ضرور کہیں گے	سب پیچھے چھوڑ دیے جانے والے

ضروری وضاحت

①یہ دراصل اَهْلِيْنَهِمْ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق نون گرا ہوا ہے۔②فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ترجمہ یہ کردیا جاتا ہے۔④اِنَّا کے نَا اور اَعْتَدْنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔⑤اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥لِ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑦يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ	جب تم چلو گے غنیمتوں کی طرف
لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا	تا کہ تم لے لو اُنہیں (کہ) ہمیں چھوڑو (یعنی اجازت دو)
نَتَّبِعْكُمْ ۚ	(کہ) ہم بھی تمہارے ساتھ چلیں
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ	وہ چاہتے ہیں کہ وہ بدل دیں اللہ کی بات کو
قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا	آپ کہہ دیجیے تم ہرگز نہیں چلو گے ہمارے ساتھ
كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ	اسی طرح اللہ نے کہہ دیا ہے پہلے سے
فَسَيَقُوْلُوْنَ	تو عنقریب ضرور کہیں گے
بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ	بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو
بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿15﴾	بلکہ وہ نہیں سمجھتے ہیں مگر بہت کم۔ ﴿15﴾
قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ	آپ کہہ دیجیے پیچھے چھوڑے جانے والوں سے
مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ	دیہاتیوں میں سے عنقریب ضرور تم بلائے جاؤ گے
اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ	ایک سخت جنگ کرنے والی قوم کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَغَانِمَ : غنیمت، مالِ غنیمت، غنائم۔	تَحْسُدُوْنَنَا : حسد، حاسد، حاسدین۔
لِتَاْخُذُوْهَا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔	يَفْقَهُوْنَ : فقہ، فقیہ، فقاہت۔
نَتَّبِعْكُمْ : اتباع، تابع، متبع سنت۔	اِلَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔	لِّلْمُخَلَّفِيْنَ : خلیفہ، خلافت، ناخلف۔
يُّبَدِّلُوْا : تغیر و تبدل، تبدیلی، متبادل۔	سَتُدْعَوْنَ : دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
كَلٰمَ : کلمہ، کلام، متکلم، اندازِ تکلم۔	اِلٰى : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
قُلْ، قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	اُولِىْ : اولوالعزم، اولوالعلم، اولواالارحام۔
قَبْلُ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	شَدِيْدٍ : شدید، اشد، شدت۔

اِذَا①	انْطَلَقْتُمْ	اِلٰی مَغَانِمَ	لِتَاْخُذُوْهَا②	ذَرُوْنَا②
جب	تم چلو گے	غنیمتوں کی طرف	تاکہ تم سب لے لو اُنہیں	(کہ) تم سب چھوڑ دو ہمیں

نَتَّبِعْكُمْ ج	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يُّبَدِّلُوْا	كَلٰمَ اللّٰهِ ط
(کہ) ہم بھی تمہارے ساتھ چلیں	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب بدل دیں	اللہ کی بات کو

قُلْ	لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا②③	كَذٰلِكُمْ④	قَالَ	اللّٰهُ⑤
آپ کہہ دیجیے	ہرگز نہیں تم سب چلو گے ہمارے ساتھ	اسی طرح	کہہ دیا ہے	اللہ نے

مِنْ قَبْلُ ج	فَسَيَقُوْلُوْنَ	بَلْ	تَحْسُدُوْنَنَا ط
پہلے سے	تو عنقریب ضرور وہ سب کہیں گے	بلکہ	تم سب حسد کرتے ہو ہم سے

بَلْ	كَانُوْا	لَا يَفْقَهُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا (15)
بلکہ	وہ سب ہیں	(کہ) نہیں وہ سب سمجھتے	مگر	بہت کم

قُلْ	لِّلْمُخَلَّفِيْنَ⑥	مِنَ الْاَعْرَابِ
آپ کہہ دیجیے	پیچھے چھوڑے جانے والوں سے	دیہاتیوں میں سے

سَتُدْعَوْنَ⑦	اِلٰی قَوْمٍ	اُولِیْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ
عنقریب ضرور تم سب بلائے جاؤ گے	(ایسے) لوگوں کی طرف	(جو) سخت جنگ کرنے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

①اِذَا کے بعد عموماً فعل کا ترجمہ مستقبل میں کیا جاتا ہے۔② وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔
③علامت لَنْ مستقبل میں تاکید کیساتھ کام نہ کرنے پر دلالت کرتی ہے۔④جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ مذکر ہوں تو
یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔⑤فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑥ شروع میں مُ اور آخر
سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ	تم ان سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے
فَاِنْ تُطِيْعُوْا	پھر اگر تم اطاعت کرو گے
يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ	(تو) اللہ اچھا اجر تمہیں دے گا
وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ	اور اگر تم پھر جاؤ گے جیسا کہ تم پھر گئے تھے
مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ	اس سے پہلے (تو) وہ تمہیں عذاب دے گا
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿16﴾	بہت دردناک عذاب۔ ﴿16﴾
لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ	اندھے پر کوئی حرج (گناہ) نہیں ہے (کہ وہ جنگ سے پیچھے رہے)
وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ	اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے
وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ	اور نہ مریض پر کوئی حرج ہے
وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا
يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ	وہ داخل کرے گا اُسے (ایسے) باغات میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ	کہ بہتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُقَاتِلُوْنَهُمْ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
يُسْلِمُوْنَ : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔
تُطِيْعُوْا، يُّطِعِ : اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
اَجْرًا : اجرت، اجر عظیم، عنداللہ ماجور ہوں۔
حَسَنًا : احسن جزا، حسن، احسان، محسن۔
كَمَا : کما حقہ۔
قَبْلُ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
يُعَذِّبْكُمْ : عذاب، عذاب الٰہی، عذاب جہنم۔

اَلِيْمًا : عذابِ الیم، الم ناک، رنج و الم۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
حَرَجٌ : حرج۔
الْمَرِيْضِ : مرض، مریض، امراض۔
يُدْخِلْهُ : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
جَنّٰتٍ : جنت الفردوس، جنات۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
الْاَنْهٰرُ : نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔

تُقَاتِلُوْنَهُمْ	اَوْ	يُسْلِمُوْنَ ۚ	فَاِنْ ①	تُطِيْعُوْا
تم سب لڑو گے اُن سے	یا	وہ سب فرمانبردار ہو جائیں گے	پھر اگر	تم سب اطاعت کرو گے

يُؤْتِكُمُ ②	اللّٰهُ ③	اَجْرًا حَسَنًا ۚ	وَ	اِنْ
(تو) وہ دے گا تمہیں	اللہ	اچھا اجر	اور	اگر

تَتَوَلَّوْا ④	كَمَا	تَوَلَّيْتُمْ ④	مِّنْ قَبْلُ	يُعَذِّبْكُمْ
تم سب پھر جاؤ گے	جس طرح	تم پھر گئے تھے	اس سے پہلے	(تو) وہ عذاب دے گا تمہیں

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿16﴾	لَيْسَ	عَلَى الْاَعْمٰى	حَرَجٌ ⑤
بہت دردناک عذاب	نہیں (ہے)	اندھے پر	کوئی حرج (گناہ)

وَّلَا	عَلَى الْاَعْرَجِ	حَرَجٌ ⑤	وَّلَا	عَلَى الْمَرِيْضِ
اور نہ	لنگڑے پر	کوئی حرج (ہے)	اور نہ	مریض پر

حَرَجٌ ⑤ ؕ	وَمَنْ	يُّطِعِ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ ⑥
کوئی حرج (ہے)	اور جو	وہ اطاعت کرے گا	اللہ (کی)	اور اُس کے رسول (کی)

يُدْخِلْهُ ⑥	جَنّٰتٍ ⑦	تَجْرِيْ ⑦	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ ۚ
وہ داخل کرے گا اُسے	(ایسے) باغات (میں)	(کہ) بہتی ہیں	اُن کے نیچے سے	نہریں

ضروری وضاحت

① لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔ ② كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں ہوتا ہے۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ④ اس فعل میں موجود تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی ہوا ہے۔ ⑥ اسم کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسکا، یا اپنا اور فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے ہوتا ہے۔ ⑦ اسم کے آخر میں ات اور فعل کے شروع میں تَ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ	اور جو روگردانی کرے گا (تو) وہ عذاب دے گا اسے
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿17﴾	بہت دردناک عذاب۔ ﴿17﴾
لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ	بلاشبہ یقیناً اللہ راضی ہو گیا مومنوں سے
اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ	جب وہ بیعت کر رہے تھے آپ سے
تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ	درخت کے نیچے تو اس نے جان لیا
مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ	جو (خلوص) ان کے دلوں میں تھا
فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ	تو اس نے نازل کر دی ان پر سکینت
وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿18﴾	اور اس نے بدلے میں دی انہیں جلد فتح۔ ﴿18﴾
وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا	اور بہت سی غنیمتیں (کہ) وہ حاصل کریں گے انہیں
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿19﴾	اور اللہ بہت غالب نہایت حکمت والا ہے۔ ﴿19﴾
وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً	اللہ نے تم سے وعدہ کیا بہت سی غنیمتوں کا (کہ)
تَاْخُذُوْنَهَا	تم حاصل کرو گے ان کو

ع 7 — النصف 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُعَذِّبْهُ	عذاب، عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم۔	السَّكِيْنَةَ	سکینت، سکون، تسکین۔
اَلِيْمًا	عذابِ الیم، الم ناک، رنج والم۔	فَتْحًا	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
رَضِيَ	راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔	قَرِيْبًا	قرب، قریب، مقرب، قرابت داری۔
الْمُؤْمِنِيْنَ	امن، ایمان، مومن۔	مَغَانِمَ	غنیمت، مالِ غنیمت، غنائم۔
يُبَايِعُوْنَكَ	بیعت، بیعتِ عقبہ، بیعتِ رضوان۔	كَثِيْرَةً	اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
الشَّجَرَةِ	حجر و شجر، شجر کاری مہم، شجرِ ممنوعہ۔	يَّاْخُذُوْنَهَا	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
قُلُوْبِهِمْ	قلبی تعلق، امراضِ قلب، قلوب واذہان۔	حَكِيْمًا	حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
فَاَنْزَلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	وَعَدَ	وعدہ، وعید، مسیح موعود۔

ع 2 7 10 النصف

وَمَنْ	يَّتَوَلَّ ①	يُعَذِّبْهُ	عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿17﴾ ع	لَقَدْ ②
اور جو	وہ روگردانی کرے گا	(تو) وہ عذاب دے گا اُسے	بہت دردناک عذاب	بلاشبہ یقیناً

رَضِيَ	اللّٰهُ ③	عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ ④	يُبَايِعُوْنَكَ
راضی ہوگیا	اللہ	مومنوں سے	جب	وہ سب بیعت کررہے تھے آپ سے

تَحْتَ الشَّجَرَةِ	فَعَلِمَ ⑤	مَا	فِيْ قُلُوْبِهِمْ
درخت کے نیچے	تو اس نے جان لیا	جو (خلوص)	اُن کے دلوں میں (تھا)

فَاَنْزَلَ ⑤	السَّكِيْنَةَ ③	عَلَيْهِمْ	وَاَثَابَهُمْ ⑥
تو اُس نے نازل کردی	سکینت	اُن پر	اور اس نے بدلے میں دی اُنہیں

فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿18﴾ لا	وَّ	مَغَانِمَ	كَثِيْرَةً	يَّاْخُذُوْنَهَا ط ⑦
جلد فتح	اور	غنیمتیں	بہت سی	(کہ) وہ سب حاصل کریں گے اُن کو

وَكَانَ	اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا ﴿19﴾	وَعَدَكُمُ
اور ہے	اللہ	بہت غالب	نہایت حکمت والا	وعدہ کیا تم سے

اللّٰهُ ③	مَغَانِمَ	كَثِيْرَةً	تَاْخُذُوْنَهَا ⑦
اللہ نے	غنیمتوں (کا)	بہت سی	(کہ) تم سب حاصل کروگے اُن کو

ضروری وضاحت

① اس فعل میں موجود تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ② لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ③ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ④ اِذْ عموماً ماضی کیلئے اور اِذَا عموماً مستقبل کیلئے استعمال ہوتا ہے، دونوں کا ترجمہ جب کیا جاتا ہے۔ ⑤ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر کبھی سو ہوتا ہے۔
⑥ فعل کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ⑦ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے۔

فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ — تو اس نے جلد ہی دے دی یہ تم کو
وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ — اور اس نے روک دیے تم سے لوگوں کے ہاتھ
وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ — اور تاکہ یہ ہو جائے ایک نشانی ایمان والوں کے لیے
وَيَهْدِيَكُمْ — اور (تاکہ) وہ ہدایت دے تمہیں
صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿20﴾ — سیدھے راستے کی۔﴿20﴾
وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا — اور کئی دوسری (غنیمتوں کا بھی کہ) نہیں تم قادر ہوئے ان پر
قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۭ — یقیناً اللہ نے احاطہ کر رکھا ہے ان کا
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿21﴾ — اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔﴿21﴾
وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا — اور اگر تم سے لڑتے (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ — (تو) یقیناً وہ پھیر جاتے (اپنی) پیٹھیں
ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿22﴾ — پھر نہ وہ پاتے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔﴿22﴾
سُنَّةَ اللّٰهِ — اللہ کے طریقے کے مطابق

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَعَجَّلَ	:	عجلت، مہر معجّل۔	اَحَاطَ	:	احاطہ، محیط۔
هٰذِهٖ	:	لہٰذا، مسجد ہذا، حاملِ رقعہ ہذا۔	شَيْءٍ	:	شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
اَيْدِيَ	:	یدِ بیضاء، یدِ طولیٰ، رفع الیدین۔	قٰتَلَكُمْ	:	قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
النَّاسِ	:	عوام الناس، عامۃ الناس۔	الْاَدْبَارَ	:	دُبر، ادبارِ زمانہ۔
يَهْدِيَكُمْ	:	ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	لَا	:	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مُّسْتَقِيْمًا	:	صراطِ مستقیم، استقامت، خطِ مستقیم۔	يَجِدُوْنَ	:	وجود، موجود، ایجاد۔
اُخْرٰى	:	اُخروی زندگی، اول و آخر، آخری۔	نَصِيْرًا	:	نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
تَقْدِرُوْا	:	قدرت، قادر، قدیر۔	سُنَّةَ	:	کتاب وسنت، اتباعِ سنت، سنت مؤکدہ۔

فَعَجَّلَ	لَكُمْ	هٰذِهٖ	وَكَفَّ	اَيْدِيَ النَّاسِ	عَنْكُمْ ج
تو اس نے جلد ہی دے دی	تم کو	یہ	اور اُس نے روکا	لوگوں کے ہاتھوں کو	تم سے

وَ	لِتَكُوْنَ ①	اٰيَةً ②	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	وَيَهْدِيَكُمْ ③
اور	تاکہ یہ ہو جائے	ایک نشانی	ایمان والوں کیلئے	اور (تاکہ) وہ ہدایت دے تمہیں

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿20﴾ لا	وَّ	اُخْرٰى	لَمْ	تَقْدِرُوْا ④
سیدھے راستے (کی)	اور	کئی دوسری (غنیمتوں کا بھی کہ)	نہیں	تم سب قادر ہوئے

عَلَيْهَا	قَدْ ⑤	اَحَاطَ	اللّٰهُ ⑥	بِهَا ط	وَكَانَ
اُن پر	یقیناً	احاطہ کر رکھا ہے	اللہ (نے)	اُن کا	اور ہے

اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرًا ﴿21﴾	وَلَوْ	قٰتَلَكُمُ ③
اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا	اور اگر	تم سے لڑتے

الَّذِيْنَ ⑦	كَفَرُوْا	لَوَلَّوُا	الْاَدْبَارَ	ثُمَّ
وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	(تو) یقیناً وہ سب پھیر جاتے	(اپنی) پیٹھیں	پھر

لَا يَجِدُوْنَ ⑧	وَلِيًّا ②	وَّلَا	نَصِيْرًا ② ﴿22﴾	سُنَّةَ اللّٰهِ
نہ وہ سب پاتے	کوئی دوست	اور نہ	کوئی مددگار	اللہ کے طریقے (کے مطابق)

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک یا کوئی کیا گیا ہے۔ ③ فعل کے آخر میں کُمْ کا ترجمہ تمہیں یا تم سے کیا جاتا ہے۔ ④ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔ ⑤ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ⑦ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

الَّتِیۡ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلُ ۚۖ	جو یقیناً پہلے سے گزر چکا ہے
وَلَنۡ تَجِدَ	اور آپ ہرگز نہیں پائیں گے
لِسُنَّۃِ اللّٰہِ تَبۡدِیۡلًا ﴿23﴾	اللہ کے طریقے میں کوئی تبدیلی۔ ﴿23﴾
وَہُوَ الَّذِیۡ کَفَّ اَیۡدِیَہُمۡ عَنۡکُمۡ	اور وہی ہے جس نے روک لیے انکے ہاتھ تم سے
وَاَیۡدِیَکُمۡ عَنۡہُمۡ بِبَطۡنِ مَکَّۃَ	اور تمہارے ہاتھ ان سے مکہ کی وادی میں
مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ اَظۡفَرَکُمۡ عَلَیۡہِمۡ ؕ	اس کے بعد کہ اس نے کامیابی دی تمہیں ان پر
وَکَانَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ	اور ہے اللہ (اس) کو جو تم عمل کرتے ہو
بَصِیۡرًا ﴿24﴾	خوب دیکھنے والا۔ ﴿24﴾
ہُمُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا	یہ وہی (لوگ ہیں) جنہوں نے کفر کیا
وَصَدُّوۡکُمۡ عَنِ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ	اور تمہیں روکا مسجد حرام سے
وَالۡہَدۡیَ	اور قربانی کے جانوروں کو (بھی)
مَعۡکُوۡفًا	اس حال میں روک دیے گئے تھے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	عَلَیۡہِمۡ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قَبۡلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	تَعۡمَلُوۡنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔	بَصِیۡرًا	: سمع و بصر، بصارت، بصیرت۔
تَجِدَ	: وجود، موجود، ایجاد۔	کَفَرُوۡا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
لِسُنَّۃِ	: کتاب و سنت، اتباعِ سنت، سنت مؤکدہ۔	الۡمَسۡجِدِ	: مسجد، مساجد، مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔
تَبۡدِیۡلًا	: تبدیل، متبادل، تبادلہ۔	الۡحَرَامِ	: مسجد حرام، حرم کعبہ، حرمت۔
اَیۡدِیَہُمۡ	: یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع الیدین۔	مَعۡکُوۡفًا	: عاکف، اعتکاف، معتکفین۔
مَکَّۃَ	: مکۃ المکرمہ، حرم مکی۔		

الَّتِیْ	قَدْ	خَلَتْ ①	مِنْ قَبْلُ ج	وَلَنْ	تَجِدَ
جو	یقیناً	گزر چکا ہے	پہلے سے	اور ہرگز نہیں	آپ پائیں گے

لِسُنَّةِ اللّٰهِ ②	تَبْدِيْلًا ③ (23)	وَهُوَ	الَّذِیْ	كَفَّ
اللہ کے طریقے میں	کوئی تبدیلی	اور وہ	جس نے	روک لیے

اَيْدِيَهُمْ	عَنْكُمْ	وَ	اَيْدِيَكُمْ ④	عَنْهُمْ
اُن کے ہاتھ	تم سے	اور	تمہارے ہاتھ	اُن سے

بِبَطْنِ مَكَّةَ ②	مِنْ بَعْدِ ⑤	اَنْ	اَظْفَرَكُمْ ④	عَلَيْهِمْ ط
مکہ کی وادی میں	اس کے بعد	کہ	اس نے کامیابی دی تمہیں	اُن پر

وَكَانَ	اللّٰهُ	بِمَا ⑥	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرًا (24)
اور ہے	اللہ	(اس) کو جو	تم سب عمل کرتے ہو	خوب دیکھنے والا

هُمُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	صَدُّوْكُمْ ④
وہ سب	(وہی لوگ ہیں) جن	سب نے کفر کیا	اور	اُن سب نے روکا تمہیں

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَالْهَدْیَ ⑦	مَعْكُوْفًا ⑦
مسجد حرام سے	اور قربانی کے جانوروں (کو بھی)	اس حال میں کہ روکے گئے (تھے)

ضروری وضاحت

① تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② علامت لِ اور بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ اسم کے آخر میں كُمْ کا ترجمہ تمہارا اور فعل کے آخر میں تمہیں کیا جاتا ہے۔⑤ اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑦ مصدر ہے جو بطور صفت استعمال ہوا ہے۔

اَنۡ يَّبۡلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ	کہ وہ پہنچیں اپنی جگہ (یعنی قربان گاہ)
وَلَوۡلَا رِجَالٌ مُّؤۡمِنُوۡنَ	اور اگر نہ ہوتے کچھ مومن مرد
وَنِسَآءٌ مُّؤۡمِنٰتٌ	اور کچھ مومن عورتیں
لَّمۡ تَعۡلَمُوۡهُمۡ	(کہ) نہیں تم جانتے تھے انہیں (یعنی ان کے ایمان کو)
اَنۡ تَطَـُٔوۡهُمۡ	کہ تم روند ڈالو گے انہیں
فَتُصِيۡبَكُمۡ مِّنۡهُمۡ مَّعَرَّةٌ ۢ	پھر تمہیں پہنچتی ان (کے قتل کی وجہ) سے تکلیف
بِغَيۡرِ عِلۡمٍ ۚ	لاعلمی میں (تو ان پر حملہ کر دیا جاتا)
لِيُدۡخِلَ اللّٰهُ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ	تا کہ داخل کر لے اللہ اپنی رحمت میں
مَنۡ يَّشَآءُ ۚ لَوۡ تَزَيَّلُوۡا	جسے وہ چاہے، اگر (مومن اور کافر) الگ الگ ہو گئے ہوتے
لَعَذَّبۡنَا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	(تو) ہم ضرور عذاب دیتے (ان لوگوں کو) جنہوں نے کفر کیا
مِنۡهُمۡ عَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿25﴾	ان میں سے دردناک عذاب۔ ﴿25﴾
اِذۡ جَعَلَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	جب ڈال لی (ان لوگوں نے) جنہوں نے کفر کیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَّبۡلُغَ	: بالغ، بلوغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	بِغَيۡرِ	: بغیر اجازت۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	لِيُدۡخِلَ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
رِجَالٌ	: رجال کار، قحط الرجال۔	فِىۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مُّؤۡمِنُوۡنَ	: امن، ایمان، مومن۔	رَحۡمَتِهٖ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
نِسَآءٌ	: تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔	يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
